# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Monday the September 02, 2024
(342nd Session)
Volume VII, No.03
(Nos. 01-11)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*
Volume VII SP.VII (03)/2024
No.03 15

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran .... 1
2. Leave of Absence .... 1
3. Motion under Rule 172F moved by Senator Azam Nazeer Tarar for Nomination of Senators for the Public Accounts Committee .... 3
4. Introduction of [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024] (Amendment of Section 5) .... 5
5. Introduction of [The Pakistan Trade Control of Wild Fauna and Flora (Amendment) Bill, 2024] .... 6
6. Introduction of [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2024] .... 7
7. Introduction of [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Amendment of Articles 62 and 63 of the Constitution) .... 9
8. Introduction of [The Shamilat Land Protection Bill, 2024] .... 13
9. Introduction of [The State Bank of Pakistan (Amendment) Bill, 2023] .... 14
10. Introduction of [The Peaceful Assembly and Public Order Bill, 2024] .... 14
    - Senator Syed Ali Zafar .... 19
    - Senator Mohammad Humayun Mohmand .... 20
    - Senator Zeeshan Khanzada .... 21
    - Senator Azam Nazeer Tarar(Minister for Law and Justice) .... 22
    - Senator Syed Shibli Faraz .... 23
    - Senator Irfan-ul-Haque-Siddiqui .... 26
11. Introduction of [The Supreme Court (Number of Judges) (Amendment) Bill, 2024] .... 28
    - Senator Azam Nazeer Tarar .... 30
    - Senator Syed Ali Zafar .... 32
    - Senator Fawzia Arshad .... 37
    - Senator Aimal Wali Khan .... 39
12. Introduction of [The Anti-Terrorism (Amendment) Bill, 2024] .... 41
13. Withdrawal of [The Islamabad Nature Conservation and Wildlife Management Bill, 2024] .... 45
14. Withdrawal of [The Constitution (Amendment) Bill, 2022] .... 46
15. Withdrawal of [The Supreme Court (Number of Judges) (Amendment) Bill, 2023] .... 46
16. Motion under Rule 126 (7) moved by Senator Hidayatullah Khan regarding consideration of [The Pakistan Institute of Engineering and Technology Bill, 2024] in the Joint Sitting of Parliament .... 47
17. Resolution moved by Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition, and 26 other Senators to congratulate Arshad Nadeem on his remarkable achievement of winning the Gold Medal at Paris Olympics .... 48
    - Senator Nadeem Ahmed Bhutto .... 49

- Senator Zeeshan Khanzada .......................................................... 51
- Senator Muhammad Tallal Badar.................................................. 52

18. Further Discussion on Balochistan issue .................................................. 55
    - Senator Danesh Kumar ................................................................ 55
    - Senator Poonjo............................................................................. 61
    - Senator Khalida Ateeb.................................................................. 64
    - Senator Naseema Ehsan............................................................... 66
    - Senator Saifullah Abro.................................................................. 70
    - Senator Dost Muhammad Khan ................................................... 73
    - Senator Nadeem Ahmed Bhutto .................................................. 74
    - Senator Falak Naz......................................................................... 76

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, the September 02, 2024

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at five o'clock in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً ۠ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ
لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٢٠٨﴾ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ
عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٠٩﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ وَ
قُضِيَ الْاَمْرُ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٢١٠﴾

ترجمہ : اے ایمان والو ! اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ، اور شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو۔ یقین جانو وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ پھر جو روشن دلائل تمہارے پاس آ چکے ہیں، اگر تم ان کے بعد بھی (راہ راست سے) پھسل گئے تو یاد رکھو کہ اللہ اقتدار میں بھی کامل ہے، حکمت میں بھی کامل۔ یہ (کفار ایمان لانے کے لیئے) اس کے سوا کس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ اللہ خود بادل کے سائبانوں میں ان کے سامنے آ موجود ہو، اور فرشتے بھی (اس کے ساتھ ہوں) اور سارا معاملہ ابھی چکا دیا جائے؟ حالانکہ آخر کار سارے معاملات اللہ ہی کی طرف تو لوٹ کر رہیں گے۔

(سورۃ البقرۃ آیات نمبر ۲۰۸ تا ۲۱۰)

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Senator Dost Muhammad Khan has requested for the grant of leave for 09th August 2024

during the $341^{st}$ Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Syed Ali Zafar has requested for the grant of leave for $09^{th}$ August 2024 during the $341^{st}$ Session and $30^{th}$ August 2024 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Amir Waliuddin Chishti has requested for the grant of leave for the whole $341^{st}$ Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Naseema Ehsan has requested for the grant of leave for the whole $341^{st}$ and $342^{nd}$ Session due to visit abroad. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Bushra Anjum Butt has requested for the grant of leave for $30^{th}$ August, 2024 due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mir Dostain Khan Domki has requested for the grant of leave for $30^{th}$ August, 2024 till the end of the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Prof. Sajid Mir has requested for the grant of leave for $30^{th}$ August, 2024 due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Sarmad Ali has requested for the grant of leave for 27th and 30th August, 2024 due to visit abroad. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Aon Abbas has requested for the grant of leave for 30th August, 2024 due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Syed Kazim Ali Shah has requested for the grant of leave for 30th August, 2024 due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mohsin Aziz may move Order No.02. I have been informed that he is stuck up in the traffic and he wants…

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے آگے لے لیتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ہاں ضرور، جناب قائد حزب اختلاف کو confidence میں لیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: میں نے تو لیا ہے مگر ابھی تو نہیں پتا آپ off the cuff لا رہے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: جتنا جلدی ہم اس کو resolve کریں، بس وہ ہو جائے۔

(مداخلت)

**<u>Motion under Rule 172F moved by Senator Azam Nazeer Tarar for Nomination of Senators for the Public Accounts Committee</u>**

Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law and Justice and Parliamentary Affairs): Sir, I wish to move

under Rule 172F of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that this House may elect the following six Senators as nominated by the Honourable Chairman Senate for the membership of the Public Accounts Committee:-

i) Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition.
ii) Senator Bilal Ahmed Khan.
iii) Senator Saleem Mandviwalla.
iv) Senator Dr. Afnan Ullah Khan.
v) Senator Fawzia Arshad.
vi) Senator Mohsin Aziz.

Mr. Chairman! You have sent the list after consultating the relevant parties. The House may also authorize the Honourable Chairman Senate to make changes in the nomination of said Committee as and when he deems fit.

Mr. Chairman: In consultation with the Leader of the Opposition, the composition of Public Accounts Committee has been revised to accommodate the representation from each province and ICT. Accordingly, the PPP has withdrawn one candidature from Sindh and PTI has withdrawn one candidature from Punjab. Therefore, now all the four Provinces and the ICT have been covered. I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Motion is carried unanimously. Order No.04. Senators Saleem Mandviwalla, Samina Mumtaz Zehri, Irfan-Ul-Haque Siddiqui, Syed Faisal Ali Subzwari…

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: یہ containers ہٹوائیں، اس سے opposition کو بہت problem ہو رہی ہے۔ Order No.06. ڈاکٹر افنان اللہ خان۔ جی، رانا محمود الحسن۔ Yes please.

سینیٹر دوست محمد خان: کبھی ادھر جا رہے ہیں، کبھی اُدھر جا رہے ہیں کبھی ادھر container, کبھی اُدھر container. جناب! یہ کیا مصیبت ہے اسلام آباد میں containers ہی containers ہیں۔ ہماری زندگی اور ہمارے بچوں کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے۔

جناب چیئرمین: چونکہ ابھی members نہیں ہیں، تو اس پر بات ہو گی۔ Order No.08, رانا محمود الحسن۔ وہ بھی نہیں آئے۔ Order No.12, Senators Qurat-Ul-Ain Marri, Poonjo and Zamir Hussain Ghumro, may move Order No. 12. پونجو صاحب موجود ہیں یہاں؟

سینیٹر پونجو: جناب، ابھی عینی مری اور دوسرے صاحب موجود نہیں ہیں۔

Mr. Chairman: You are present and also one of the Movers.

**Introduction of [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024] (Amendment of Section 5)**

Senator Poonjo: Thank you. I, Senator Poonjo on my behalf and on behalf of Senator Zamir Hussain Ghumro, move for leave to introduce a Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024] (Amendment of Section 5).

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس کو ہم نے سارا examine کیا ہے اور اس میں issues بھی ہیں، اس لیے اس stage پر oppose کرنا پڑ رہا ہے۔ اس لیے کہ Constitution میں quotas کی جو ساری schemes تھیں 2013 کے بعد وہ ساکت ہوئیں لیکن اس کے باوجود ابھی continue کیا جا رہا ہے۔ اس میں rules موجود ہیں اور rules کے تحت ابھی تک quota کو بالکل چلایا جا رہا ہے اسی رو کے مطابق جو طے کیا گیا تھا اور جو یہ مانگا جا رہا ہے یہ

کی وجہ سے Constitutional issues اب۔ ہے provided میں already rules اسے Act میں لے جانے سے بھی problems آئیں گی۔ کیونکہ ابھی یہ leave stage پر ہے تو اس کو کمیٹی کو refer کر دیا جائے اور جب کمیٹی اسے examine کرے گی تو وہاں پر حکومت کی objection بھی سامنے آجائے گی۔ تو اس حد تک it may be referred to the Committee.

Mr. Chairman: OK, referred to the concerned Committee. Order No.14. Senator Shahadat Awan may move order No.14.

**<u>Introduction of [The Pakistan Trade Control of Wild Fauna and Flora (Amendment) Bill, 2024]</u>**

Senator Shahadat Awan: I, Senator Shahadat Awan, move for leave to introduce a Bill further to amend the Pakistan Trade Control of Wild Fauna and Flora Act, 2012 [The Pakistan Trade Control of Wild Fauna and Flora (Amendment) Bill, 2024].

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب یہ technical subject ہے، شہادت اعوان صاحب اگر تھوڑا سا explain کر دیں تو اچھا ہوگا۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب! میں اس میں یہ بتاؤں گا کہ پہلی بات یہ ہے کہ جب CDA بہت سے درخت کاٹ رہی تھی اور کوئی NGO, Supreme Court کے سامنے گئی جس پر Supreme Court نے suo moto لیا اور پھر اس پر یہ کہا گیا کہ چند ایک درخت اس قسم کے ہیں جس سے الرجی اور بیماریاں پھیلتی ہیں، ہم ان درختوں کو کاٹ رہے ہیں۔ تو اس پر Supreme Court نے باقاعدہ NGO and experts کی کمیٹی بنائی اور کہا کہ بتائیں کہ کون سے ایسے پودے ہیں جن سے بیماریاں اور الرجی پھیلتی ہے، تو ان کو کاٹا جائے تو Supreme Court کی اس پر باقاعدہ observation تھی تو جناب، یہ صرف اس قسم کے پودے ہی نہیں ہیں جس کی وجہ سے الرجی ہوتی ہے بلکہ کچھ اس قسم کے جانور بھی ہوتے ہیں جن کے لئے وہ ماحول مناسب نہیں ہوتا۔ مثال کے طور پر اگر افریقہ کا بندر پاکستان میں آجائے تو یہاں کا ماحول اسے پسند

نہیں آئے گا۔ تو صرف import and export پر یہ پابندی رکھی گئی ہے کہ جو چیزیں انسانی ماحول اور صحت کے لئے خراب ہیں، تو ان کی import and export پر پابندی لگائی جائے۔ اس پر چونکہ Supreme Court کی observation تھی، Attorney General صاحب بھی وہاں پر appear ہوئے تھے اور ان کی observation بھی تھی۔ تو ان تمام کی روشنی میں یہ کہا گیا ہے کہ یہ فلاح و بہبود کے لیے ہے۔ یہاں پر با قاعدہ ایک پارک میں سے سات سو یا اٹھ سو ایسے درخت اسی وجہ سے کاٹے گئے اور اس کی روشنی میں Attorney General صاحب نے بھی کہا کہ اس قسم کی چیزوں کو تلف کرنا چاہیے تو میں نے کہا کہ اس قسم کے پودے نہ تو export کیے جائیں اور نہ ہی import کیے جائیں۔ اس قسم کے جانور جو پاکستان کے ماحول سے مطابقت نہیں رکھتے، ان کو یہاں پر نہیں آنا چاہیے۔ جناب! اُس کی روشنی میں یہ Bill introduce کروایا گیا ہے۔ بے شک اس کو کمیٹی میں بھیج دیں۔

Mr. Chairman: Minister for Law and Justice, please.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: Climate change اور کچھ اور line ministries اس پر بالکل technical opinion دیں گی لیکن spirit بہت اچھی ہے۔ شہادت اعوان صاحب ہمیشہ اچھی چیزوں کی طرف ہماری توجہ مبذول کرواتے ہیں۔ اس کو کمیٹی کو بھیجا جائے اور وہاں پر concerned departments اس کو دیکھ لیں گے۔

Mr. Chairman: Referred to the concerned Committee. Order No.16. Senator Syed Ali Zafar may move order No.16.

**Introduction of [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Syed Ali Zafar: I, Senator Syed Ali Zafar, move for leave to introduce a Bill further to amend the Muslim Family Laws Ordinance, 1961 [The Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2024].

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں یہ record پر رکھنا چاہتا ہوں کیونکہ ہمیشہ یہ tradition رہی ہے کہ Muslim Family Laws Ordinance میں ترامیم کرنے

سے پہلے Council of Islamic Ideology کی opinion لی جاتی ہے۔ انہوں نے اچھی طرف توجہ مبذول کروائی ہے لیکن اس میں شاید کچھ شرعی معاملات بھی ہیں۔ جناب، یہ وہی ہے ناجس میں طلاق کے بعد بھی property پر کچھ rights ہیں. if I am not wrong.

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! یہ law actually پاکستان کی تیئیس کروڑ آبادی میں سے جو پچاس فیصد عوام ہے، وہ خواتین ہیں، یہ قانون ان گیارہ کروڑ خواتین کے لیے لے کر آرہے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ اس میں issue یہ ہے کہ طلاق کے بعد جو ان کے rights ہیں، ہم نے ابھی تک کوئی ایسا قانون نہیں بنایا جس سے ان کے بنیادی حقوق کی حفاظت ہو سکے۔

Mr. Chairman: They want the views of the Council of Islamic Ideology.

سینیٹر سید علی ظفر: بے شک جناب، جب یہ کمیٹی میں جائے گا تو کمیٹی جس مرضی کو بلانا چاہے وہ بلا لے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس میں دو چیزیں آئیں گی کیونکہ اس میں بہت واضح قرانی احکامات بھی ہیں جنہوں نے وضع کر دیا کہ ترکہ کس طرح سے تقسیم ہوگا اور طلاق سے پہلے اور طلاق کے بعد والے معاملات بھی ہیں۔ With all due respect and humility, idea بہت اچھا ہے لیکن it should be in line with the Quran and Sunnah.

سینیٹر سید علی ظفر: ایسا قانون کم از کم بارہ مسلم ممالک میں already نافذ ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں تو کہہ رہا ہوں کہ یہ اچھی بات ہے اور اس کو کمیٹی میں بھیجیں۔ وہاں پر Council of Islamic Ideology کی رائے بھی آئے گی اور باقی stakeholders بھی آئیں گے۔

سینیٹر سید علی ظفر: اس میں ہوتا یہ ہے کہ میں نے اپنی چالیس سال کی practice میں ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں ایسے cases دیکھے ہیں جہاں عورتوں کو بیس بیس سال کی شادی کے بعد باہر بھیج دیا جاتا ہے۔ ان کے پاس نہ پیسا ہوتا ہے اور وہ مجبور ہو جاتی ہیں ہر قسم کے غلط کام کرنے کے لیے تاکہ وہ زندہ رہ سکیں۔ یہ ان کی حفاظت کے لیے ہے جو کہ ہمارا ایک بہت serious social issue ہے۔ تو میرا خیال ہے کہ Law Minister صاحب صحیح کہہ رہے ہیں۔

Mr. Chairman: He is not disagreeing. He wants that some of the…

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! اس کو کمیٹی کو بھیج دیں۔ بہت شکریہ۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں نے تو صرف توجہ مبذول کرائی ہے۔ یہ کمیٹی کو بھیجیں۔ آپ نے بھی وہاں ہونا ہے۔ نہیں، میں یہ بات کر چکا ہوں۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: کامران صاحب! میں نے آپ کی ترجمانی کی ہے۔ میں نے کہا ہے کہ پاکستان میں کوئی ایسی قانون سازی نہیں ہو سکتی under the Constitutional scheme جو قرآن اور سنت سے متصادم ہو۔ تو میں نے اسی لیے کہا تھا کہ یہ وہ area ہے جہاں the Council of Islamic Ideology کی رائے ایک Constitutional requirement ہے۔ Let it be referred to Committee with a direction to seek opinion of Council of Islamic Ideology. جناب یہ ویسے بھی requirement ہے۔

Mr. Chairman: Exactly, referred to the Committee concerned. Order No.18. Senator Fawzia Arshad may move Order No.18.

## Introduction of [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Amendment of Articles 62 and 63 of the Constitution)

Senator Fawzia Arshad: I, move for leave to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024]. (Amendment of Articles 62 and 63 of the Constitution).

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! اگر یہ B.A کی شرط والا ہے تو اس نے پہلے بھی بڑی تباہی کی ہے۔

جناب چیئرمین: کس نے کی ہے؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! پارلیمنٹ کا انتخاب لڑنے کے لیے آپ کو Graduate ہونا چاہیے۔ ہمارے آئین میں کچھ fundamental rights دیے گئے ہیں، سیاست میں حصہ لینا بھی ایک بنیادی حق ہے اور اس کو Supreme Court of Pakistan نے بھی examine کیا۔ ایک غیر جمہوری دور میں لوگوں کے arm twist کرنے کے لیے، ان کی وفاداری تبدیل کرانے کے لیے اور کچھ منجھے ہوئے سیاست دانوں کو سیاست سے باہر کرنے کے لیے یہ amendment introduce کرائی گئی تھی کہ آپ نے اگر قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کا انتخاب لڑنا ہے تو آپ کو کم از کم Graduate ہونا چاہیے۔ اس کے بعد جو حشر ہوا اور ہمیں جو ایک legacy ملی، اسمبلی میں اتنے اتنے اچھے Graduate آئے، اتنی خوبصورت اسمبلیاں بنیں اور اس میں اور بہت سارے اضافے ہوئے۔ جناب! اس کو examine کیا گیا، لوگوں نے شور بھی مچایا اور پھر اس کو Supreme Court of Pakistan نے examine کیا اور fundamental rights کی enforcement کے touchstone پر اس کو strike down کیا گیا۔ جناب! ہم ایک طے شدہ مسئلے کو پھر دوبارہ کھولنے جا رہے ہیں۔ میری یہ استدعا ہوگی کہ آپ کا سیاست میں حق ہے اور یہ voter پر چھوڑا جائے کہ اگر ایک شخص نے ایک constituency میں MSc کی ہوئی ہے یا Ph.D کی ہوئی ہے، وہ اس کو اپنا نمائندہ بنانا چاہتا ہے یا کسی ایک عام کسان یا مزدور کو نمائندہ بنانا چاہتا ہے جو کسی نہ کسی وجہ سے اپنی تعلیم مکمل نہیں کر سکا اور وہ غریب کے بیٹے کو vote دینا چاہتا ہے۔ میرے خیال سے یہ ایک بڑا controversial سا معاملہ ہے، ہم پہلے اس کو بھگت چکے ہیں۔

Mr. Chairman: What is the decision of the Judiciary?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! انہوں نے strike down کر دیا تھا کہ یہ fundamental rights کے spirit کے against ہے۔ جناب! آپ دیکھیں کہ یہ ویسے بھی ہر شخص کا حق ہے، جمہوریت کیا ہے، ہم نے tame کرکے چیزیں نہیں رکھنی کہ لوگوں کو یہ اختیار ہونا چاہیے کہ وہ matriculate کو elect کرتا ہے یا آٹھ جماعت pass کو elect کرتا ہے۔ جناب! میں ایک چھوٹی سی مثال دوں گا کہ منڈی بہاؤالدین کی تحصیل پھالیہ ہے اور وہاں پر

ایک نواب خان نامی شخص تھے اور وہ پنچائیتی تھے، وہ آٹھ جماعت پڑھے ہوئے تھے۔ جناب! لوگ عدالتوں سے مقدمات اٹھا کر ان سے پنچائیت کراتے تھے، ان کا پچھلے کچھ سال پہلے انتقال ہوا ہے اور ان کے روسٹر کے مطابق چھ، چھ ماہ کی تاریخ ملتی تھی اور لوگ انتظار کرتے تھے اور کہتے تھے کہ ان سے فیصلہ کرانا ہے، زمین کا بٹوارہ ہے یا کوئی دوسرے خاندانوں کے معاملات ہیں۔ تعلیم کا بہت عمل دخل ہے لیکن تعلیم اور wisdom دو مختلف چیزیں ہیں، میں نہیں کہہ رہا، بری بات ہے کہ B.A نہیں ہونا چاہیے لیکن یہ معاملہ ایک آمر کی طرف سے ہمارے گلے میں ڈالا گیا پھر اس کو Supreme Court of Pakistan نے strike down کیا کہ یہ ایک طرح سے fundamental rights کی violation ہے۔ اس لیے میں کہہ رہا ہوں کہ اس کو دوبارہ کھولنا مناسب نہیں ہے اور ان مخصوص وجوہات کی بنیاد پر میں اس کی مخالفت کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ! آپ سے پہلے قائد حزب اختلاف کی بات سن لیں؟ جی قائد حزب اختلاف۔

سینیٹر سید شبلی فراز: مجھے بڑا دلچسپ لگا اور اچھا بھی لگا کہ Law Minister صاحب نے اپنی explanation کے دوران ایک، دو باتیں کیں اور وہ یہ تھیں، انہوں نے reason پیش کی کہ وہ ایک آمر کے دور میں arm twisting اور لوگوں کی وفاداریاں تبدیل کرنے کے لیے یہ Law لایا گیا تھا۔ مجھے ہنسی بھی آئی ہے کہ آپ کس طرح سے آج کے دور میں arm twisting کے ذریعے۔۔۔ بالکل جناب .this is, what is happening آپ دیکھیں کہ جھوٹ اور غلط کام کے پاؤں نہیں ہوتے۔ آپ خود اس چیز کو تسلیم کر رہے ہیں کہ یہ arm twisting کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ نے ایک bill پیش کیا ہے کہ تعلیم کا کوئی نہ کوئی معیار تو ہونا چاہیے لیکن انہوں نے عذر یہ دیا کہ اس میں arm twisting ہو سکتی ہے اور یہ dictator نے بنایا تھا، آج تو اس سے بھی برا ہو رہا ہے۔ آپ کیسے justify کر سکتے ہیں اور آپ اس arm twisting کے beneficiary ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں یہ عرض کروں کہ آپ دیکھیں، میں نے ایک واقعاتی بات آپ کے سامنے رکھی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں ہے، آج بہت سارے ایسے لوگ ہیں، وہ خود یا ان کے

بچے تقریباً تمام پارٹیوں کی طرف سے ٹکٹ لے کر اسمبلیوں میں ہیں جنہوں نے اس وقت تین، چار دن میں B.A کیا تھا یا سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب کو وفاق المدارس کا اندازہ ہو گا، ان کی ڈگریاں لی تھیں۔ حالت یہ تھی کہ دوسرا کلمہ نہیں سنایا گیا اور انہوں نے وفاق المدارس سے ایم اے کی ڈگری لی ہوئی تھی جو ان کے پاس کاغذ تھے۔ میرا خیال ہے کہ اس بحث سے آگے چلیں، میں نے جو بات کی تھی۔ جناب! اچھا ہے کہ قائد حزب اختلاف اور میرے کئی ساتھی ایسے ہیں جو ہر چیز کو گھما کر وہیں پر لے جاتے ہیں، یہ ان کی اپنی رائے ہے۔ میں نے واقعاتی باتیں کی ہیں، بالکل exact جو ہوا تھا۔

جناب چیئرمین: میں آپ کی طرف آ رہا ہوں۔ Leader of the Opposition, House کو dull نہیں بنانا چاہتے تھے، اس لیے وہ خوش رکھ رہے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! اچھا کر رہے ہیں کہ؛

جھپٹنا، پلٹنا، پلٹ کر جھپٹنا
لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ

جناب چیئرمین: جی سینیٹر فوزیہ ارشد صاحب۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: جو معقول ہو اور جس میں ایک وزن ہو، یہاں پر جو Parliamentarians بیٹھتے ہیں، ہم یہاں پر کیوں آ کر بیٹھتے ہیں، ہمارا main مقصد legislation ہے، How can we do legislation? ہمارے پاس اگر academic education نہیں ہو گی۔ شعور ہر ایک کے پاس ہوتا ہے، ہماری نانیاں اور دادیاں بھی پڑھی لکھی نہیں تھیں لیکن ان کے پاس شعور تھا۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اگر ایک وقت میں بعض لوگوں نے بےایمانی کی اور اب بھی بے ایمانی ہو گی، کیوں کر ہم اس bill کو adopt کرتے۔ آپ نے 8 فروری 2024 کے elections میں کیا کیا، mandate کو چوری کیا۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ دیکھیں، .I want the views of the House

سینیٹر فوزیہ ارشد: جناب! آپ میری بات ختم ہونے دیں، what is this, I am talking...

جناب چیئرمین: آپ نے پہلے بات کی اور انہوں نے جواب دیا پھر قائد حزب اختلاف نے بات کی۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: میں نے ابھی بات ختم ہی نہیں کی، I just started.

جناب چیئرمین: آپ to the point بات کریں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: جناب! یہ to the point بات ہے کہ ہمارے Law Minister بات کر رہے ہیں کہ ایک وقت آیا تھا اور اس میں بے ایمانی ہوئی اور لوگوں نے جعلی ڈگریاں لیں تو اس کا مطلب ہے کہ اگر ہم اس مرتبہ اس کو adopt کرتے ہیں تو ایسے ہی ہونے دیں گے، یہ تو کوئی طریقہ نہیں ہے۔

Mr. Chairman: Thank you. Now, I put the motion before the House.

*(The motion was negatived)*

Mr. Chairman: The motion is rejected. Order No.20, Senator Palwasha Mohammed Zai Khan.

## Introduction of [The Shamilat Land Protection Bill, 2024]

Senator Palwasha Mohammed Zai Khan: I beg to move for leave to introduce a Bill to provide for protection of Shamilat lands from encroachment by converting it in forests, parks, playgrounds and community centers in Islamabad Capital territory [The Shamilat Land Protection Bill, 2024].

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ کمیٹی کو بھجوایا جائے کیونکہ یہ issue ہے کہ سرکاری زمینوں کے حوالے سے encroachments اور سارا کچھ ہے، اس پر کچھ laws ہیں لیکن کچھ جگہوں پر voids دیکھے گئے ہیں۔ It may be referred to the committee.

Mr. Chairman: It is referred to the concerned committee.

سینیٹر محسن عزیز صاحب! میں آپ کی طرف آ رہا ہوں کیونکہ آپ راستے میں پھنس گئے تھے تو میں نے آپ کا order defer کیا تھا۔-Order No.22 Senator Qurat-Ul-Ain Marri sahiba, she is the only mover? اس کو pend کر دیتے ہیں۔ سینیٹر محسن عزیز صاحب! آپ Order No.2 move کریں۔

**Introduction of [The State Bank of Pakistan (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Mohsin Aziz: I, move for leave to introduce a Bill further to amend the State Bank of Pakistan Act, 1956 [The State Bank of Pakistan(Amendment) Bill, 2023].

Mr. Chairman: Minister Sahib, is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! اس میں ایک آئینی معاملہ ہے لیکن وہ کمیٹی دیکھ لے، may be referred to the committee. کچھ constitutional issue ہے، اس کا مجھے اور محسن صاحب کو پتا ہے، وہ وہاں پر resolve کریں گے۔

Mr. Chairman: It is referred to the concerned committee.

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میں اس کے متعلق کچھ بات کر لوں۔

جناب چیئرمین: یہ جب کمیٹی کو refer ہو گیا ہے تو پھر ضرورت نہیں ہے پھر وہیں بات کریں۔

Order No.4, Senator Saleem Mandviwala, Samina Mumtaz Zehri, Irfan-Ul-Haque Siddiqui, Syed Faisal Ali Subzwari and Umer Farooq, may move Order No.4.

**Introduction of [The Peaceful Assembly and Public Order Bill, 2024]**

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: I hereby move for leave to introduce the Bill to regulate the holding of public assemblies at certain places in Islamabad Capital

Territory and to provide for matters ancillary thereto [The Peaceful Assembly and Public Order Bill, 2024].

Mr. Chairman: Honourable Minister Sahib, is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: نہیں جناب! اس میں تو بلکہ جو ابھی بات ہو رہی تھی تھوڑی دیر پہلے، ہم پھر اس کو سیاست میں لے جائیں گے حالانکہ جناب! بہت سارے شہروں میں already یہ legislation موجود ہے کہ جو public life ہے وہ جلسے جلوس کی وجہ سے effect نہیں ہونی چاہیے۔ اسلام آباد جیسے ابھی دوستوں نے ذکر کیا اور جناب والا! ہم بھی دیکھ رہے ہیں کہ ہر دوسرے روز کوئی نہ کوئی گروپ آتا ہے جناب! جہاں اس کا جی چاہتا ہے وہ آ کر بیٹھ جاتا ہے۔ اگر اُٹھائیں تو پھر human rights والے issues بھی ہیں. of course اس صورت میں جناب قانون کی پاسداری نہیں ہوتی۔

میں نے اس Bill میں دیکھا ہے کہ ایسی چیزیں ہیں جو کافی حد تک benign ہیں۔ یہ ہمارے بہت سارے صوبوں میں already invoked ہے۔ انہوں نے provincial legislation کے ذریعے regulate کیا ہوا ہے، ICT کی اپنی ایک آزاد حیثیت ہے اس کی وجہ سے اس law کی کمی محسوس ہوتی ہے۔اس میں یہی لکھا گیا ہے، جو میں نے provisions پڑھی ہیں، اس کے لیے مختلف جگہیں مختص کی جائیں گی۔ وہ time to time ہوں گی، اور کس طرح سے آپ نے apply کرنا ہے، اگر آپ نے کوئی جلسہ جلوس کرنا ہے، اس کے processes کیا ہوں گے۔ اس سے ایک جو litigation ہے، جب ہم opposition میں تھے اس کو بھی بھگتا ہوا ہے، آج ان کی بھی یہ شکایت ہو گی کہ جی ڈی۔ سی آفس یہ کر جاتا ہے، ڈی۔ سی آفس یہ نہیں کرتا، کبھی اجازت ملتی ہے، کبھی نہیں ملتی تو کم از کم چیزیں regulate ہو رہی ہیں۔ بادی النظر میں اچھی effort ہے، اس لیے شاید کافی ساری جماعتوں کے جو سینیٹرز ہیں اس پر ان کے دستخط ہیں۔ I do not oppose it. جی یہ اگر passage میں جاتا ہے تو. I don't oppose it.

**Senator Syed Shibli Faraz**

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! اگر کوئی Bill پیش کرتا ہے، ابھی سینیٹر پلوشہ نے Bill پیش کیا تھا، سینیٹر فوزیہ نے کیا تھا یا ابھی سینیٹر محسن عزیز صاحب نے کیا تھا I think کہ جو mover ہے اس

کو ضرور موقع ملنا چاہیے، even وہ کمیٹی کو کیوں نہ refer ہو، کم از کم کمیٹی میں تو ہم سب ہوتے نہیں ہیں۔ ایک basic idea of that Bill, the mover should be allowed جو اس میں لکھا ہوا ہے، لیکن سب کو اگر بتا دیا جائے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے بہتری ہو گی۔

جناب! دوسری بات یہ ہے جس Bill کی بات ہو رہی ہے I think کہ یہ *mala fide* ہے، اس کی وجہ میں بتاتا ہوں وہ یہ ہے کہ آپ نے دیکھا ہو گا ہماری جماعت پاکستان تحریک انصاف کے جلسوں کو جس طریقے سے روکا جا رہا ہے، ابھی وزیر قانون صاحب نے بات کی کہ permissions ہوتی ہیں اور نہیں بھی ہوتیں last day پر cancel ہو جاتی ہیں، جب کسی ریاست کے ادارے سے اگر کوئی notification کی اجازت ملتی ہے، اس کا مذاق نہ بنایا جائے۔ انہوں نے خود ہی کہہ دیا جی اس طرح ہوتا ہے، how will that effect اجازت تو ہمیں ملی ہوئی ہے، permission تو ہمیں کئی مرتبہ ملی یہی ڈی۔ سی آفس سے ملی ہے، جو بھی جگہ specified کرکے کہتے ہیں، یعنی ڈپٹی کمشنر آفس پھر last day پر ایک دن پہلے cancel ہو جاتی ہے۔ اس کو کون ensure کرے گا۔ you see just legislating is not important. Implementation is equally important if not more important تو اس لیے اس قسم کی legislation لا کر ہماری آنکھوں میں دھول نہ جھونکیں ۔ they should respect the law, they respect what they give in writing. جب اجازت مل گئی ہے تو پھر اس پر کوئی پیچھے جانا نہیں ہے۔

ہم نے دیکھا *mala fide* میں اس لیے کہہ رہا ہوں، ہمیں اجازت ملتی ہے جلسوں کی اور ایک دن پہلے جب ہم ادھر اپنا stage بنانے جاتے ہیں تو یہ جا کر جو اپنے آپ کو democratic کہتے ہیں، یہ جو ایک جعلی حکومت ہے یہ اپنے آپ کو ایسے portray کرتی ہے کہ جمہوریت کے یہ champion ہیں۔ یہ جو جتنی legislation کر رہے ہیں، کل ان کے گلے پڑے گی ان کو میں یاد دلانا چاہتا ہوں۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر سید شبلی فراز: یہ اس قسم کی legislation اور جناب والا! میری درخواست ہے آپ سے بھی یہاں پر issues discuss ہوتے ہیں لیکن ruling کبھی کوئی نہیں آتی۔ یاد ہے بھائی، پھر اگر ruling نہیں آئے گی then it becomes a purely debating club, then you know it has no use to speak on different issues. تو جناب میری request ہو گی پیچھے تین چار مہینے ہو گئے ہیں تو ہمیں کوئی ruling نہیں دی۔

جناب چیئرمین! آپ جمعہ کے دن نہیں تھے، important issues discuss ہوئے اور میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں ہمارے سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب کو کہ انہوں نے ایوان کو بہت اچھے طریقے سے چلایا۔ بڑے balanced طریقے سے چلایا اور بڑے صبر و استقامت سے چلایا تو ہم اس کے لیے آپ کے شکر گزار ہیں۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر سید شبلی فراز: لہٰذا مقصد یہ نہیں کہ مخالفت برائے مخالفت کی جائے۔ ہم نے track record دیکھنا اور intention کو دیکھنا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس قسم کا Bill جمہوریت کے لیے بہتر نہیں ہے۔ ایک شہر ہے جس میں آپ لوگوں کو ایک قسم کا disenfranchise کر رہے ہیں۔ الیکشن میں تو ہوا، اسلام آباد کے الیکشن تو ہم نے دیکھے ہیں، disenfranchise کیا گیا وہاں کے ووٹرز کو، ان کا مینڈیٹ کسی اور کو دے دیا گیا لیکن آپ کسی بھی شہر کو اس طرح سے محصور نہیں کر سکتے جس طرح سے آپ نے محصور کیا ہوا ہے۔ اگر تو یہ ایک democratic society ہے اور آپ دینا چاہتے ہیں تو ہاں بالکل، پُر امن طریقے سے اور ایک خاص طریقے سے جلسے جلوس ہوں گے لیکن آپ اگر پورے شہر کو محصور کر لیں گے تو پھر اس طرح تو نہیں ہو گا۔ مطلب پھر آپ کیا کہنا چاہتے ہیں کہ جی، ہم بڑے democratic ہیں۔ ایک democratic رویہ آپ کے action سے ظاہر ہوتا ہے۔ یہ نہیں ہوتا کہ آپ نے law کون سا بنا دیا؟ بے شک بہت اچھے اچھے laws بنے ہوئے ہیں۔ اس لیے ہم سمجھتے ہیں کہ ہم اس کی مخالفت کرتے ہیں۔ آپ ایسا ایک طریقہ کار اختیار کریں، جب حکومت کا کوئی آفیسر ایک لیٹر ایشو کر دیتا ہے، پھر اس میں کوئی going back نہیں ہے کیونکہ پھر اس طرح تو آپ اپنی writ کو خود کمزور کر رہے ہیں کہ

your letter can be recalled any time مطلب پھر تو مذاق بن گیا۔ کسی ایک responsible office سے جو permission ملی ہوئی ہے اس کو revoke کرنا اور consistently regular basis پر کبھی ایک بہانے کبھی دوسرے بہانے کبھی تیسرے بہانے تو اس صورت میں ہم کیا کریں۔ ہم اس قانون کو چاٹیں یا کیا کریں؟ شکریہ۔

Mr. Chairman: Yes, Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui Sahib.

**Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں لیڈر آف دی اپوزیشن کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں، جنہوں نے میری جو ذمہ داری آپ نے سونپی تھی، اس کو سراہا ہے لیکن میں یہ بھی ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ اس دن ہماری اپوزیشن نے بھی بہت اچھے طریقے سے ایوان کو چلانے میں مجھے help out کیا اور جو سارا credit ہے ان کو اتنا ہی جاتا ہے جتنا مجھے یا میرے ساتھیوں کو جاتا ہے۔ جناب! بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین! یہاں سینیٹر سید شبلی فراز صاحب نے جو بات کی ہے، درست بات کی ہے۔ peaceful اسمبلی جو ہے وہ right ہے۔ وہ بنیادی آئینی حق ہے لیکن جناب والا! اسی کے ساتھ لکھا ہے، جب ہم یہ کہتے ہیں the right to assemble peacefully is a fundamental right but it is subject to reasonable restrictions in the interest of the public order, morality and the security of the state. اب ان تین چار چیزوں کو ensure کرنا بھی ایک constitutional requirement ہے۔

دوسری بات جو سینیٹر سید شبلی فراز فرما رہے ہیں، وہ شاید یہ تصور کر رہے ہیں کہ it is not just only for political assemblies یہ صرف سیاسی اسمبلیوں کے لیے نہیں ہے۔ آج آپ دیکھتے ہیں کہ اسلام آباد پورا محاصرے میں ہے، چاروں طرف containers لگے ہوئے ہیں تو یہ کسی political agitation کی وجہ سے نہیں ہے۔ یہ کسی تحریک انصاف کے جلسے کی وجہ سے نہیں ہیں بلکہ یہ کسی اور protest کی وجہ سے ہو رہے ہیں۔ یہ ساری چیزیں یہ Bill cover کرتا ہے تاکہ ایک عام شہری کی زندگی متاثر نہ ہو۔ بچے سکولوں کو نہیں جا سکتے۔ اب

دیکھیں ہمارے ممبرز، میری ایک meeting تھی تو hardly تین ممبرز پہنچ سکے ہیں، سب کے سب راستے میں stuck up ہو گئے۔ یہ کوئی political agitation نہیں ہو رہی، یا کوئی political جلسہ نہیں ہو رہا تو this Bill is not only for political activities یہ ساری سڑکوں، چوراہوں پر بازار لگتے ہیں، جلسے ہوتے ہیں، جلوس ہوتے ہیں، مختلف مقاصد کے لیے ہوتے ہیں۔ Protest کے لیے ایک مہذب، ایک measured طریقہ کار بھی اختیار کیا جا سکتا ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اس Bill کو اگر میرے colleagues پڑھیں گے تو وہ دیکھیں گے کہ یہ ان کے حق میں جاتا ہے۔ جب کوئی قانون سازی بالکل سرے سے نہیں ہوتی تو جو قوتیں اپنی من مانی کرنا چاہتی ہیں وہ آسانی سے کر لیتی ہیں لیکن جب کوئی قانون بن جاتا ہے تو من مانی اگر ہوتی بھی ہے تو وہ challenge ہو جاتی ہے، کہیں قدغن لگتی ہے، کہیں رکاوٹ بنتی ہے۔ یہ facilitate کرے گا، میں ان کو گارنٹی دیتا ہوں، انھیں نہیں ہمیں بھی کیونکہ حکومتیں تو آتی جاتی رہتی ہیں۔ آج ہماری حکومت ہے، کل ان کی ہو گی یا کسی اور کی ہو گی تو جب بھی ایک اچھا قانون بن جاتا ہے، وہ سب کی مدد کرتا ہے، سب کو facilitate کرتا ہے، سب کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے۔ ہمیں صرف سیاسی جلسوں یا غیر سیاسی جلسوں کو تحفظ نہیں دینا، ہم نے کروڑوں عوام کی زندگیوں کو بھی سہل رکھنا ہے۔ آج جو زندگیاں ہیں، آپ اسی شہر میں دیکھ لیں کہ ہم یہاں سے اپنے دفتر جاتے ہیں تو ہمیں دس میل کا چکر کاٹ کے جانا پڑتا ہے، یہ کسی political activity کی وجہ سے نہیں ہو رہا ہے۔ اس لیے میری یہ گزارش ہے کہ اس بل کو اگر ایوان چاہے اور فراغ قلبی کا مظاہرہ کرے، یہ ایک اچھا بل ہے، اسے فوری طور پر take-up کر کے اسے منظور کر لے، اس میں کوئی negative چیز نہیں ہے، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں، شکریہ جناب۔

Mr. Chairman: Parliamentary leader of PTI.

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! Constitutional law کا ایک basic principle یہ ہے کہ کوئی بھی person specific legislation نہیں ہو سکتی ہے۔ جو person specific legislation ہوتی ہے، ہمارا آئین کہتا ہے کہ اس کو پارلیمنٹ کی بدنیتی سمجھا جائے گا اور اسے عدالتوں نے strike down کیا ہوا ہے۔ یہ جو قانون ہے جس طرح ابھی Leader of the Opposition نے فرمایا کہ یہ PTI specific ہے، اس وقت اس

قانون کا مقصد صرف PTI جو جلسے جلوس کرنا چاہ رہی ہے ان پر قدغن لگانا ہے، انہیں اسلام آباد سے کہیں باہر بھیج دیا جائے۔ میری یہ درخواست ہو گی کہ یہ PTI specific قوانین اس طرح سے نہیں لے کر آئیں۔ بڑی اچھی بات ہے کہ قانون سازی ہو، public order کی بات ہو لیکن ہم اگر ایک specific وجہ سے ایک specific political party کو نقصان پہنچانے کے لیے قانون سازی کرنے جا رہے ہیں تو میری نظر میں یہ *mala fide* ہے، یہ پارلیمنٹ کی بدنیتی سمجھی جائے گی، اس لیے as PTI ہم اسے oppose کرتے ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر محمد ہمایوں مہمند صاحب۔

**Senator Mohammad Humayun Mohmand**

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! ہر کسی کا ایک بنیادی حق ہے کہ وہ احتجاج کرے۔ اب ہم pre-empt کر لیں کہ اس شخص نے فلاں وقت تشدد کیا تھا یا کچھ ایسی بات کی تھی اور اسے pre-empt کرکے یہ کہنا کہ ہم اسے آج allow نہیں کرتے کیونکہ یہ اس قسم یا اس قسم کے لوگ ہیں۔ یہ بنیادی طور پر ایک غلط بات ہے۔ اگر ہم لوگ یہاں بیٹھ کر اس قسم کے بل بنا رہے ہیں جیسے ہم کہہ رہے ہیں یہ situation specific ہے، person or party specific ہے، اب اسے بے شک آپ بڑے گلدستے میں پانچ یا چھ چیزیں اور بھی بیچ میں ڈال دیں لیکن ہر ایک کو پتا ہے کہ اس کی بنیادی وجہ کچھ اور ہے۔ اس قسم کے بل اگر ہم یہاں پر پاس کرنے شروع کر دیں تو at the end of the day اس کا انجام اچھا نہیں ہو گا کیونکہ ہم اس طرح سے ایک precedent start کر رہے جو اور یہ precedent آگے بڑھتا جائے گا اور آخر میں ہم کر کیا رہے ہیں؟ ہم جانے میں یا انجانے میں، ایک دوسرے کی نفرت میں یا jealousy میں ہم بنیادی طور پر اپنی ہی جڑیں کھوکھلی کر رہے ہیں۔ کیونکہ یہ precedent ہے، یہ بل آج کے لیے نہیں ہے، یہ کل بھی رہیں گے اور یہ پرسوں بھی رہیں گے۔ ہو سکتا ہے بعد میں جو آئے وہ اسے اپنے مخالفین کے لیے اور بھی زیادہ سخت کر دے، ہو سکتا ہے کہ وہ اسے زیادہ stringent کر دے اور لوگوں سے یہ کہنا شروع کر دے کہ آپ باہر تو چھوڑیں، آپ تو گھر سے بھی نہیں نکل سکتے ہیں۔ ,I am a simple person میں اس وقت law maker سے زیادہ یہ دیکھ رہا ہوں کہ یہ میرے باہر نکلنے کے حق پر ڈاکا ہے۔ ہاں اگر میں وہاں جا کر توڑ پھوڑ کرتا ہوں

تو آپ ضرور مجھے سزا دیں اور مجھے ضرور پکڑیں لیکن just because یہ کہنا کہ نہیں ڈاکٹر ہمایوں تم فلاں دن اس بندے سے لڑے تھے، تم اس دن کامران صاحب سے لڑے تھے تو آج ہم تمہیں اجازت نہیں دیتے، جناب یہ غلط بات ہے۔

یہ ایک basic fundamental right کی خلاف ورزی ہے، pre-empt بھی نہیں ہے، یہ ایک قسم کا سوچنا کہ یہ کر سکتا ہے۔ جناب بنیادی طور پر یہ ایک غلط چیز ہے۔ میری حکومت سے بھی درخواست ہے جو اسے introduce کر رہے ہیں اور جناب آپ سے بھی کہ اس قسم کے بل بطور پارلیمان ہم introduce نہ کریں تو اچھی بات ہے۔ At the end of the day ہم اپنی جڑیں کھوکھلی کر رہے ہیں، ہم خود ان جڑوں میں دیمک بن کر بیٹھ رہے ہیں، جناب یہ مت کریں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر ذیشان خانزادہ صاحب۔

**Senator Zeeshan Khanzada**

سینیٹر ذیشان خانزادہ: شکریہ، جناب چیئرمین! میں ایک ہی منٹ لوں گا۔ حکومت کے پاس already ایک قانون ہے اگر کسی پرامن احتجاج میں violence ہوتا ہے تو اس پر قانون ہے، یہ قانون اس لیے ہے تاکہ حکومت کے پاس یہ اختیار بھی آجائے کہ وہ اس بات کا تعین کر سکے کہ آیا یہ پرامن ریلی ہے یا نہیں ہے، جو کہ میرے خیال میں نہیں ہونا چاہیے، یہ pick and choose والا کام نہیں ہونا چاہیے۔ دوسری چیز یہ ہے جناب اس قانون میں یہ بھی دیا گیا ہے کہ اگر کوئی اپنی ریلی کے لیے کوئی درخواست دیتا ہے اور .D.C اسے reject کر دیتا ہے تو آپ اپیل میں کمشنر صاحب کے پاس جائیں گے، کمشنر صاحب سے اگر وہ reject ہو جائے تو آپ اپیل میں Secretary Interior کے پاس جائیں گے جو کہ میرے خیال میں ایک غلط قانون ہے اگر آپ کو rejection ملتی ہے تو زیادہ تر قوانین میں آپ judiciary کے پاس جاتے ہیں تاکہ آپ کو وہاں سے انصاف مل سکے۔ اس بل میں اس طرح کی کافی چیزیں ہیں جو کہ میرے خیال سے بالکل بھی عوام کے حق میں نہیں ہے۔ جس طرح سے ہمارے Leader of the Opposition نے بھی کہا کہ pick and choose والی بات ہے، ہم اس کی شدید مخالفت کرتے ہیں۔

**Senator Azam Nazeer Tarar(Minister for Law and Justice)**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! میں نے اس بل میں ابھی بیٹھ کر جو ایک دو چیزیں پڑھی ہیں، اب ڈر یا خوف کا تو کسی کے پاس کوئی ایسا مداوا نہیں ہوتا کہ آپ کی apprehensions ہیں، بہت اچھے قوانین بھی mis-use ہوئے ہیں اور it all depends کہ ماحول اور حالات کیا تھے یا کس طرح تھے لیکن یہ بات طے شدہ ہے کہ بڑے شہروں کا نظام ٹھیک رکھنے کے لیے اور لوگوں کی زندگیاں آسان بنانے کے لیے ہر ملک اور ہر خطے میں اس طرح کے قوانین نافذ ہیں اور ایک regulated activity ہوتی ہے، یہ اسلام آباد میں ایک void ہے اور شاید اسی وجہ سے آج کل PTI کو بھی issues ہیں کہ ہمیں کبھی اجازت ملتی ہے اور کبھی نہیں ملتی ہے۔ اجازت دے کر واپس لے لی جاتی ہے، یہ بل ان چیزوں کو regulate کرتا ہے کہ آپ نے کس طرح سے جلسہ کرنا ہے، جگہیں متعین ہوتی ہیں، ان جگہوں پر جائیں، سارے جا کر جلسہ کریں، کل کو یہی قانون دوسرے لوگوں پر بھی لاگو ہوگا لیکن شہر کی civil life کو suspend نہ کیا جائے، شہروں کو یرغمال نہ بنایا جائے اور ہم نے ماضی میں دیکھا ہے، ابھی جو چل رہا ہے وہ بھی ہے اور ہمارے بھائیوں نے بڑی سخت باتیں کیں لیکن اسلام آباد ہی گواہ ہے کہ جب اسلام آباد میں مئی 2022 میں حملہ ہوا تھا اور اس شہر میں جس طرح آگ لگی تھی۔

جناب چیئرمین! یہ باتیں بھولنے والی نہیں ہیں، میں اسے political debate میں نہیں لے جانا چاہتا، میں نے اس کی provisions دیکھی ہیں، یہ ایک اچھی attempt ہے اور شاید یہی وجہ ہے کہ ہماری جو مختلف سیاسی جماعتیں سینیٹ میں موجود ہیں ان کا ایک bunch ہے، سینیٹرز کا ایک گلدستہ ہے جنہوں نے بیٹھ کر یہ effort کی اور اسے تیار کیا اور اس میں کوئی ایسی خوفناک چیز نہیں ہے۔ میں لاہور کی بات کر رہا ہوں وہاں یہ قانون شاید اسی صورت میں رائج ہے بلکہ اس میں شاید زیادہ stringent provisions ہیں اور وہ لاہور ہائی کورٹ کے حکم پر بنا تھا۔ یہ direction بھی سپریم کورٹ آف پاکستان نے جب فیض آباد دھرنا کیس ہوا اور شہر کو jam کر دیا گیا اور کئی روز تک لوگ سکولوں، کالجوں، ہسپتالوں، علاج معالجے، خوراک اور باہر نکلنے کو ترس گئے تھے تو پہلے شوکت عزیز صدیقی صاحب نے وہ فیصلہ دیا۔ اب یہ کہیں گے کہ آپ پھر ذاتی بات کر رہے ہیں، اس وقت کی حکومت کی طرف سے ان کے ساتھ جو کیا گیا وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے اور

بعد میں انہیں پھر سپریم کورٹ نے باعزت بحال کیا۔ پھر اسی تناظر میں سپریم کورٹ نے فیصلہ دیا جس پر پچھلے دنوں میں آ کر عمل درآمد ہوا ہے اور اس کے جو مرکزی کردار تھے ان کے خلافGeneral Martial Court کے حوالے سے کارروائی کا آغاز کیا گیا ہے۔ یہ directions بارہادی جاتی ہیں کہ آپ اسے کسی قانون کے تابع regulate کریں اور میں نے جو provisions پڑھی ہیں اس میں کوئی apprehension نہیں ہیں، benign سا قانون ہے، ایوان کی رائے لے کر passage میں جا کر اسے پاس کیا جائے، House کی sense لیں۔

جناب چیئرمین: جی.Leader of the Opposition

**Senator Syed Shibli Faraz**

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! پہلی بات تو یہ ہے کہ یہاں گلدستے کا بہت ذکر ہو رہا ہے، پتا نہیں یہ کون سا گلدستہ ہے، میرے نزدیک اگر یہ گلدستہ ہے بھی تو یہ بوسیدہ کاغذ کے بنے ہوئے پھول ہیں، اس سے زیادہ کچھ نہیں ہیں۔ آپ مجھے بات تو کرنے دیں۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: آپ مجھے بولنے دیں گے یا میں چپ ہو جاتا ہوں آپ بول لیں۔ آپ اس وقت حکومت میں ہیں، آپ بول سکتے ہیں، آپ جو کرنا چاہیں کر سکتے ہیں اور آپ جو کرنا چاہتے ہیں وہ آپ کر رہے ہیں۔ نہیں نہیں عزت نفس نہیں ہے یہ تو کوئی اتنی بڑی بات نہیں ہے، اس سے بہت زیادہ چیزیں آپ نے کی ہیں۔ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جس طرح ہمارے پارلیمانی لیڈر نے کہا کہ یہ PTI specific ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر آپ میں اتنی نیک نیتی ہے میں آپ کو پھر repeat کر کے کہہ رہا ہوں اور یہ سب record بھی ہو رہا ہے کہ یہ laws آپ کے گلے پڑیں گے۔ ہمارے وقت میں PML (N) والے ادھر Election Commission میں کھلے آئے تھے لیکن یہ الگ بات ہے کہ دو تین ہزار سے بھی کم لوگ تھے اور وہاں پر ان کو پوری آزادی سے آنے دیا گیا۔ PPP کا جلسہ تھا Bilawal Bhutto ان سب لوگوں کو ہم نے آنے دیا پھر مولانا صاحب نے بھی جلسہ کیا۔ دیکھیں بات یہ ہے کہ آپ قانون ہم سے بنا کر اور جگہیں کوئی اور decide کرے DC صاحب decide کریں، کمشنر صاحب decide کریں ایسا نہیں ہو سکتا۔ اگر آپ نیک نیتی دکھانا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے تو یہ کہ ہم اس کو

oppose کرتے ہیں۔ ہم اس کو totally oppose کرتے ہیں لیکن میں ان کو ویسے ہی کہہ رہا تھا کہ آپ اس قسم کی چیزوں میں لاتے کہ ان جگہوں کا تعین اس Bill میں آپ کریں کہ جب تک یہ یہ جگہیں ہوں گی۔ یہ تو نہیں کر سکتے کہ وہ ہم آپ کی منشا پر چھوڑ دیں کہ آپ نے تو قانون کو، آپ نے آئین کو موم کی گڑیا بنا دیا ہے کہ اس کا ناک کبھی کس طرف کر دیتے ہیں اور کبھی کس طرف کر دیتے ہیں۔ آپ کا تو track record اتنا خراب ہے کہ آپ آئین کو نہیں مانتے، آپ قانون کو نہیں مانتے ہیں۔

You have subverted the Constitution not once but so many times. How can we trust you? How can we believe you? How can we use this House or misuse this Hous just because you have the majority or the artificial majority or the manufactured majority. No! People of Pakistan will not accept this; we will not accept this even if we are one member.

جناب چیئرمین! یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ آپ ہماری جمہوری credentials پر، آپ ہماری جمہوری روایات پر، ہر چیز پر either you are آپ لوگوں کا خیال یہ ہے کہ آپ ہمیشہ رہیں گے پھر تو ٹھیک ہے۔ اگر آپ ہمیں یہ guarantee دیتے ہیں کہ آپ ہمیشہ رہیں گے پھر تو ٹھیک ہے۔ آپ لوگ دو سو لوگوں کو تو بلا نہیں سکتے ہیں، آپ لوگوں نے تو Supreme Court پر حملہ کیا تھا۔ آپ کے تو یہ credentials ہیں، آپ تو judges کو اٹھا رہے ہیں۔ ان کے چالیس سال پرانے cases کو کھود رہے ہیں۔ یہ کیا ہو رہا ہے؟ ایک بندے کو اٹھا لیا ہے جو syndicate کا member ہے just because آپ اس judge سے خوش نہیں ہیں۔ یہ کوئی طریقہ ہے آپ ملک کو کدھر لے کر جا رہے ہیں، کس طرف لے کر جا رہے ہیں۔

آپ نے ہمارے لیے ایک ایسا ملک بنا دیا ہے جس میں you being a Law Minister آپ کو تو اس کو پہلے condemn کرنا چاہیے تھا as a Law Minister.

If you are a Law Minister, you should also prove your credentials that yes you are the Law Minister and anything that is happening; this House has been used to

attack the judiciary, the honourable judges. This very House! We are happily listening, so was the Law Minister.

یہ کیا ہو رہا ہے کسی بھی ملک سے آپ اگر قانون ختم کر دیں گے، آئین ختم کر دیں گے تو آج جو ملک میں ہو رہا ہے، آج جو ہماری economy کا حال ہے جو ہمارے law and order کا حال ہے۔ اس سے برا ہم نے کبھی نہیں دیکھا اور باقی باتیں تو چھوڑیں ہماری cricket team کو ہی دیکھ لیں۔ کسی level پر بھی کوئی اچھی خبر نہیں ہے۔ Finance Minister یہاں بیٹھے ہوئے ہیں وہ کہیں گے کہ میں جب بھی آتا ہوں تو میرے بارے میں ذکر کرتے ہیں۔ No sir, nothing personal against you. What I am saying is that he is struggling since he has come to get loans. قرضہ لینے کے لیے، ان کو وقت ہی نہیں ملا کہ وہ اس ملک کی economy کے بارے میں کچھ planning کر سکیں۔ Tax آپ collect نہیں کر سکتے، impunity کا culture prevail کر رہا ہے ملک اس طرح تو نہیں چلتے ہیں۔

Mr. Chairman: What is the way forward?

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! کسی دن یہ stats پیش کریں گے کہ اس ملک میں PTI کی حکومت کتنے دن رہی اس میں دو سال COVID کے بھی لے لیں۔ جس کو ہم نے شاندار طریقے سے manage کیا جب کے سارے ملک تباہ ہو رہے تھے، واحد تین ملک تھے جن میں پاکستان کا شمار تھا۔ انہوں نے سب سے بہتر manage کیا COVID کے باوجود ہم 6% پر growth کو لے گئے۔ ملک کی تباہی چاہے وہ power sector ہو۔ آپ utility stores والوں کو دیکھیں جو بیچارے لوگ جمع ہوئے ہیں وہ تو اپنے رزق کی بات کر رہے ہیں۔ Utility stores کو ان حالات پر آپ نے پہنچایا ہے ان کو کیوں سزا دے رہے ہیں، ان کی families کو کیوں سزا دے رہے ہیں۔ آپ کا جب دل چاہتا ہے آپ کہتے ہیں اس department کو بند کر دو۔ اس طرح سے immediate actions نہیں ہوتے آپ لوگوں کو timing پر work کرنا ہو گا۔ آپ privatize کر رہے ہیں لیکن آپ کے پاس کوئی خریدار موجود نہیں ہے تو یہ وہ ہی بات کہ آپ اس کو بیچ دیں گے جو ایک گاہک آئے گا۔

ملا تھا ایک ہی گاہک ہم بھی کیا کرتے
سو خود کو بیچ دیا بے حساب سستے میں

جناب چیئرمین! یہ اس طرح نہیں ہوتا یہ ملک ہے اس نے آگے جانا ہے لیکن جو present scenario ہے اس میں یہ کبھی بھی نہیں ہو سکتا۔ جو جعلی mandate سے حکومت میں آئے ہوں ان کو عوام کی support ہی حاصل نہیں ہے۔ اس ملک کے 90% لوگ کہہ رہے ہیں کہ they are not happy وہ خوش نہیں ہیں کہ جس طرف ملک جارہا ہے۔ یہ survey ہم نے تو نہیں کرایا یہ survey سارے ملک میں ہوا ہے۔ 90% لوگ یعنی کہ 9 out of 10 لوگ کہہ رہے ہیں کہ ملک ٹھیک direction میں نہیں جارہا، economy کے حالات خراب ہیں اور ہم یہاں پر بانسریاں بجارہے ہیں۔

جنگل میں لپک رہے ہیں شعلے
طاؤس کو رقص کی پڑی ہے

یہ چیزیں totality میں دیکھیں ہم آپ کو background دے رہے ہیں کہ this is a malafide and ill-conceived اور بری نیت سے یہ law لایا جارہا ہے۔ ہم اس کو بالکل بھی accept نہیں کرتے in worst case scenario آپ اس کو Committee میں refer کریں۔

جناب چیئرمین: عرفان صدیقی صاحب۔

**Senator Irfan-ul-Haque-Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: میں بہت ادب اور احترام کے ساتھ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ honourable Leader of the Opposition نے اس Bill کے علاوہ ہر دوسرے issue پر بات کی ہے۔ وہ economy پر بولے ہیں، elections پر بولے ہیں، ہماری حیثیت پر بولے ہیں، ہم جعلی ہیں اس پر بولے ہیں پتا نہیں ہر topic پر وہ بولے ہیں لیکن انہوں نے اس Bill کی اہمیت اور افادیت۔۔۔

جناب چیئرمین: وہ تو آپ کے اوپر بھی بولے ہیں۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جی جی! اس Bill کی افادیت اور اہمیت کے حوالے سے جو انہوں نے تجویز دی ہے کہ یہ House ہی decide کر دے کہ Islamabad میں کہاں جلسہ ہونا ہے تا کہ وہ ایک سند لگ جائے۔ میرا خیال یہ ہے کہ ہم اس چیز کے لیے لڑتے رہے ہیں جو honourable Leader of the Opposition نے ذکر کیا کہ ہم نے judges پر تنقید کی ہے۔ ہم نے کوئی تنقید نہیں کی ہم یہی چیز کہتے ہیں کہ جو judges کا اختیار ہے اس کو استعمال کریں۔ یہ انتظامیہ کا اختیار ہے کہ وہ کس وقت کس جگہ کو مناسب سمجھتے ہیں کہ کہاں جلسہ ہونا چاہیے، کہاں gathering ہونی چاہیے۔ ہم مقنّنہ ہوتے ہوئے انتظامیہ کا اختیار سلب نہیں کرنا چاہتے اور نہ ہی کریں گے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر یہ معاملہ Committee میں بھی جاتا تو شاید اتنی comprehensive بحث نہ ہوتی، بہت بحث ہو گئی ہے۔ بڑا simple, سادہ، معصوم، بے ضرر سا, positive تعمیری Bill ہے اور اس پر House کی رائے لے لیں اور اس کے مطابق کر لیں۔

Mr. Chairman: I, agree with the Leader of the Opposition. I refer the matter, the Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned with the direction to present its report within two days.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Which is the next? Order No.28. Senator Abdul Qadir.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: اس وقت majority ان کی ہے۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: آپ جس وقت چاہتے ہیں، جب چاہیں۔ Minister of Energy نے مجھے offer کیا ہے کہ جب Committee of the whole House کو briefing چاہیے میں دینے کے لیے تیار ہوں۔ اس لیے وہ ہو جائے گا۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب چیئرمین! اس سال deficit charges 2800 ارب روپے کے ہیں اور اگلے سال 3400 ارب روپے ہوں گے۔ Minister of Energy ہمیں کیا بتائے گا؟

جناب چیئرمین: قادر صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ قائد حزب اختلاف صاحب آپ بھی تشریف رکھیں۔ دیکھیں اس وقت the majority is seating of the treasury benches but I refer it to the Committee. اس پر ساری debate کے بعد بھی I should have to put it to the House. پھر تو یہ ہوگا۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! ٹھیک ہے majority ادھر بیٹھی ہوئی ہے تو پھر ہم discussion کس بات پر کر رہے ہیں۔ صرف یہ اپنے دل کو ہلکا کرنے کے لیے ہم کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: نہیں، یہ discussion کس طرح ہے۔ Then I will be given complete time for discussion.

سینیٹر سید شبلی فراز: نہیں، جناب چیئرمین! Discussion الگ چیز ہے۔ ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ ایسے قوانین ہیں کہ جن پر ہم سب نے اپنی رائے کا اظہار کرنا ہے کیونکہ یہ بھی سیاست میں ہیں اور ہم بھی سیاست میں ہیں۔ ہم بھی ایک سیاسی پارٹی کی نمائندگی کر رہے ہیں اور یہ بھی ایک سیاسی پارٹی کی نمائندگی کر رہے ہیں۔

Mr. Chairman: Opposition has a point of view as well.

ساری پارٹیاں یہاں پر موجود ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! یہ ایک چٹا اور سفید قانون ہے۔ اس میں کوئی ڈرنے والی چیز نہیں ہے۔ اس کو تو آج بھی کرتے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ اس کو regulate کرنا ہے۔

Mr. Chairman: Order No. 28, Senator Muhammad Abdul Qadir.

## <u>Introduction of [The Supreme Court (Number of Judges) (Amendment) Bill, 2024]</u>

Senator Muhammad Abdul Qadir: I, Senator Muhammad Abdul Qadir move for leave to introduce a

Bill further to amend the Supreme Court (Number of Judges) Act, 1997 [The Supreme Court (Number of Judges) (Amendment) Bill, 2024].

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین !آج کمیٹی کو بھیجنے کا موسم ہے۔ یہ بھی کمیٹی کو بھیج دیں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب چیئرمین ! میں اس پر دو منٹ بولنا چاہتا ہوں۔

Mr. Chairman: Order in the House.

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب چیئرمین ! میں صرف دو منٹ بولنا چاہتا ہوں۔ There is famous saying that justice delayed is justice denied. آپ یہ دیکھیں کہ سپریم کورٹ آف پاکستان میں اس وقت 53,000 سے زیادہ cases pending ہیں۔ سپریم کورٹ میں کیس لگوانے کے لیے ڈیڑھ ڈیڑھ اور دو دو سال لگ جاتے ہیں۔ میں اس ہاؤس میں یہ نہیں کہنا چاہتا کہ کیا کیا طریقے لوگ استعمال کرتے ہیں اور اپنے کیس کو وہاں پر مقرر کروانے کے لیے کیا کیا پیسے لگواتے ہیں۔ سپریم کورٹ میں کل ججوں کی تعداد اس وقت 17 ہے۔ میں نے تو صرف 6 ججوں کی بڑھانے کی استدعا کی ہے۔ میرے نزدیک تو 6 نہیں بلکہ 16 نئے جج بڑھنے چاہیئیں یا اس سے بھی زیادہ تعداد بڑھنی چاہیے۔ تمام ملک سے جو کیس dispute ہو جاتے ہیں۔ ہمارے ہائی کورٹس سے جب کوئی کیس reject or accept ہو جاتے ہیں تو وہ پھر سپریم کورٹ میں challenge ہو جاتے ہیں۔ جناب چیئرمین ! دوسری چیز یہ ہے کہ پچھلے چند سالوں سے constitutional matter اتنے زیادہ سپریم کورٹ میں آتے ہیں کہ سپریم کورٹ کا larger benches بن جاتے ہیں۔ تمام ججز اس میں مصروف ہو جاتے ہیں اور وہ تمام جج اس constitutional matter کو discuss کرتے ہیں۔ جناب چیئرمین ! دوسرے لوگوں کے جو genuine problems ہیں ۔ اس ملک کے ہزاروں ارب روپے کے جو taxes کے issues ہیں وہ سپریم کورٹ میں stuck ہیں۔ لوگوں کے گیس اور پاور کے جو issues ہیں جو کہ ہزاروں ارب روپے کے ہیں۔ اس ملک کو آگے چلانے کے لیے ہم صرف ایک سال کے لیے 8500 ارب روپے کا قرضہ لے رہے ہیں لیکن ہزاروں ارب روپے کے taxes کے جو cases

ہیں وہ سپریم کورٹ میں stuck ہیں۔ سپریم کورٹ کے پاس ان کیسوں کو سننے کے لیے وقت نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! میں اس background میں یہ لے کر آرہا ہوں کہ پہلے ججز کی تعداد یقیناً کم ہے اور آہستہ آہستہ اس ملک کی آبادی بڑھ رہی ہے۔ جناب چیئرمین! پہلے صرف criminals اور civil and cases کے ہوتے تھے۔ اب taxation کے cases ہوتے ہیں۔ Corporate, Cyber Crime, artificial Intelligence and IT کے cases ہوتے ہیں۔ جناب چیئرمین! اس لیے میری یہ درخواست ہے کہ اس بل کو پاس کیا جائے۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب چیئرمین! ہمارا یہ جو justice system ہے یہ bottom سے highest ہے۔

Mr. Chairman: Yes, Minister for Law.

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہم ہر چیز کو criticize کر دیتے ہیں۔ آج کے ایجنڈے میں یہ ہے۔ میں اس کمیٹی میں بیٹھا ہوا تھا۔ اسی قسم کا بل پچھلے ہفتوں میں سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ لائی تھی۔ Law and Justice کی کمیٹی میں وہ debate ہوا۔ ایک sense بن رہی تھی کہ واقعی ہائی کورٹ کے ججوں کی تعداد بڑھ گئی ہے اور سپریم کورٹ میں نہیں بڑھی۔ میں نے اس پر as a law Minister ابھی تک رائے نہیں دی تھی کہ سینیٹر حامد خان صاحب نے ان کو کہا کہ یہ بات مناسب نہیں ہے۔ آپ نے بغیر اس کو study کرکے پیش کر دیا ہے۔ اس نے کمیٹی میں ہماری موجودگی میں کہا کہ آپ اس بل کو withdraw کریں گی۔ آج ایجنڈے پر اس کی withdrawal کا آیا ہوا ہے۔ ہم ہر چیز کو سیاسی بنا دیتے ہیں۔ وہ ان کی اپنی سوچ تھی۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے جو باتیں کی ہیں۔ میں بطور Legal practitioner ہو سکتا ہے کہ ان سے agree نہ کرتا ہوں۔ ہو سکتا ہے کہ میری حکومت agree نہ کرے لیکن یہ باتیں حقیقی ہیں۔ یہ بات درست ہے کہ لوگوں کے سزائے موت کے cases ابھی تک غیر فعال پڑے ہیں۔ پچھلے ہفتے ایک کیس کا فیصلہ سنایا گیا ہے۔ اس ملک میں قانون یہ کہتا ہے کہ عمر قید کسی صورت 25 سال سے زیادہ نہیں ہو سکتی۔ یہ قانون میں لکھا ہوا ہے۔ جناب چیئرمین! وہ شخص 34 سال جیل کاٹ کر گیا ہے کیونکہ اس کی اپیل pending تھی۔ اس کی اپیل مقرر نہیں ہوتی تھی۔ 8,8 and

10, 10سال سے لوگ انتظار کر رہے ہیں۔ 2015, 2016 and 2017 کی جو leave to appeal ہے سزائے موت اور عمر قید کے قیدیوں کی وہ ابھی تک pending ہے۔ 2010, 2011 and 2012 کی civil appeals ابھی تک pending ہیں۔ براہ کرم ہر چیز میں سیاست نہ لے کر آئیں۔ آج PTI کو یہ فکر پڑ گئی کہ کسی چیز پر قبضہ ہو جانا ہے۔ بھئی کیوں ہوگا۔ آپ موقر ایوان ہیں۔ یہاں پر انہوں نے جو ساری باتیں کی ہیں ان کا جائزہ لیں۔ میں نے اس لیے کہا تھا کہ اس کو کمیٹی کو ارسال کریں۔ یہ ایک سنجیدہ بات ہے۔ قانون و انصاف کی کمیٹی میں یہ پہلے بھی discuss ہوئی ہے۔ ممبران کی عمومی رائے وہاں پر بن رہی تھی کہ ہاں اس کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ بہرکیف پارٹی کے اندر ہم بھی ایک دوسرے سے اختلاف کرتے ہیں۔ وہ ایک senior Member ہیں۔ انہوں نے سینیٹر فوزیہ ارشد سے کہا کہ نہیں آپ یہ Bill withdraw کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ .I don't press this آج اس بل کی withdrawal لگی ہوئی ہے۔ آج کے ایجنڈے میں لگی ہوئی ہے۔ خدارا! کیوں آپ سینیٹر محمد عبدالقادر کی figures point کر رہے ہیں؟ انہوں نے کونسا گناہ کر دیا۔ آپ کے سامنے ایک حقیقت کو رکھا ہے۔ وہ ایک draft بنا کر لائے ہیں۔ بغیر پڑھے اور سنے "no" کر دینا خدارا! debate ہو رہی تھی۔ یہ بات آپ کے سامنے رکھی تھی۔ آبادی بڑھ گئی ہے۔ آبادی 25 کروڑ ہے۔ میں پھر ایک مرتبہ حلفاً کہہ رہا ہوں۔ میری اور میری حکومت کی اس پر کوئی رائے نہیں ہے کیونکہ ہم نے statistic سے اس کو examine کرنا ہے۔ حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ جب اس طرح کے بل آئیں تو ہم اعداد و شمار سے اس کا تقابلی جائزہ لیتے ہیں۔ ہمارے پاس پشاور ہائی کورٹ سے Judges increase کا number آیا ہے۔ انہوں نے 10 judges کی increase مانگی ہے۔ وہاں پر PTI کی حکومت ہے۔ ہم پشاور ہائی کورٹ کو وہ 10 ججز دے رہے ہیں کیونکہ merge districts آنے کے بعد حکوت نے یہ اصولی فیصلہ کر لیا ہے کہ وہاں پر تعداد بڑھا دی جائے۔ چیزوں کو تھوڑا سا rational طریقے سے لیں۔ ہر چیز میں سیاست نہ کریں۔

جناب چیئرمین: جی، علی ظفر صاحب۔ علی ظفر صاحب ناراض ہو رہے ہیں۔ آپ کی پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ہیں۔

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: قادر صاحب میرے بڑے عزیز ہیں۔ بڑی اچھی اچھی بات کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کو قوم کا خیال ہے کہ ہمارا جو عدالتی نظام ہے وہ درست نہیں ہو رہا ہے۔ Cases نمٹائے نہیں جا رہے ہیں۔ بہت backlog ہے۔ Law Minister Sahib نے بھی اس کا ذکر کیا ہے۔ ان کو بھی قوم کا بڑا درد ہے۔ بڑا اچھا ہوتا کہ وہ قانون لے کر آتے جو کہ lower court میں سارا problem ہو رہا ہے۔ وہاں سے کوئی reform کی بات کرتے اور وہاں سے شروع کرتے۔ ہم اس کو پوری طرح support کرتے۔ یقین کریں کہ اگر ایسی کوئی بات ہوتی تو PTI اس فورم پر اس کو support کرتی کہ reform کی بڑی ضرورت ہے۔ وہاں ججوں کی تعداد بڑھانے، ان کی مراعات بڑھانے اور ان کے court rooms کی تعداد بڑھانے کی ضرورت ہے ہم اس کو ضرور support کرتے۔

جناب چیئرمین! مجھے تاریخ یاد آئی۔ میں نے افریقہ کی عدالتوں کا سسٹم بھی تھوڑا سا پڑھا ہے۔ Latin America کا بھی پڑھا ہے۔ کچھ jurists کی باتیں بھی سنی۔ آج میں کچھ دہرانا چاہوں گا۔ ایک لفظ انہوں نے انگریزی میں stacking of courts کہا ہے۔ یہ افریقہ، لاطینی امریکہ اور ایشیا کے بھی کئی ممالک میں کیا گیا جہاں عدالت میں ججز کی تعداد بڑھائی گئی تاکہ ایک خاص نوعیت کے، ایک خاص regime کے ساتھ جن کا تعاون ہو، اس قسم کے ججز کو لایا جائے اور عدالت کو، جو کورٹ کا سسٹم ہے، اسے take over کر لیا جائے یعنی judiciary میں coup کر دیا جائے۔ یہ جو judicial coup کا concept ہے، اس کو بعد میں پوری دنیا نے ردّ کیا اور ہمارے آئین میں بھی اس کی اجازت نہیں ہے۔ یہ جو ایک دم سے ایک قانون آیا ہے جس کے اندر یہ کہا جا رہا ہے کہ سات ججز کی تعداد بڑھا دیں۔ سات کا نمبر بھی بڑا اہم ہے، اگر آپ detail میں جائیں۔ سات کا نمبر بہت اہم ہے کیونکہ جس قسم کے معاملات چل رہے ہیں، آپ کو نظر آئے گا کہ سات کی وجہ کیا ہے۔ اس سے پہلے کہ میں سات کی وجہ بیان کروں۔۔۔۔

جناب چیئرمین: یہ بڑھا دیں گے؟

سینیٹر سید علی ظفر: چیئرمین صاحب نے صحیح کہا، plan exactly یہی ہے، بڑھانے کا مقصد یہ ہے کہ judicial stacking ہو رہی ہے اور judicial coup کی کوشش کی جا رہی

ہے۔ دو ججز بڑھانے کے لیے ہم تیار ہیں۔ آپ سات کو دو کر دیں۔ سات کی وجہ کیا ہے؟ خاص طور پر coup کرنے کے لیے جو تعداد چاہیے، وہ سات کی ہے۔ اس لیے اس قسم کے حربوں کے لیے سینیٹ جیسے فورم کو استعمال کرنا، judicial coup کرنے کی کوشش کرنا، اس چیز کو میں نے آج expose کر دیا ہے۔ PTI کی طرف سے میں نے on the record, expose کر دیا ہے کہ یہ coup ہونے لگا ہے۔ جس طرح judiciary کہتی ہے کہ اسے پارلیمنٹ کی respect ہے، اس طرح پارلیمنٹ کو بھی judiciary کی respect ہے۔ میں جناب وزیر قانون کو اچھی طرح جانتا ہوں، یہ بھی law abiding, Law Minister ہیں، ان کو پتا ہے کہ پیچھے کیا ہو رہا ہے۔ I am sure کہ آج اس کو وہ oppose کریں گے اور کہیں گے کہ نہیں، میں judicial coup نہیں کر سکتا۔ انہوں نے بھی کل کو practice کرنی ہے، ہم بھی practice کر رہے ہیں، اور بھی وکلا ہیں practice کرنے والے، کامران صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہمیں پتا ہے کہ کیا ہو رہا ہے اور ہر ایک کو پتا ہے۔ قادر صاحب کو قوم کے ساتھ محبت بہت ہے لیکن وہ اس legislation کو لا کر استعمال ہو رہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ابڑو صاحب۔ میں نے ابڑو صاحب کو floor دیا ہے۔ Please order in the House. ابڑو صاحب! آپ بات کریں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔ ابڑو صاحب کو مجھ سے گلہ ہے کہ میں نے کبھی time نہیں دیا۔ للذا، آپ ان کو سن لیں۔

**<u>Senator Saifullah Abro</u>**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: چیئرمین صاحب! بات یہ ہے کہ بے شک ایسی قانون سازی جو پاکستان کے فائدے میں ہو، ہونی چاہیے۔ قانون سازی اگر پاکستانی عوام کے فائدے میں ہو تو ہونی چاہیے۔ اچانک ججز کو بڑھانے کے پیچھے ایک background ہے۔ وہ background کہاں سے آیا؟ جب سے سپریم کورٹ سے special seats کے متعلق decision آیا ہے، جو PTI کو ملنی تھیں، اس کے بعد حکومت کو بڑی تکلیف ہوئی ہے۔ قانون سازی سے پہلے تین ایڈہاک ججز

آئے، ابھی چھ ججز آنے ہیں۔ اگر آپ کو واقعی اتنا شوق ہے تو پہلے سپریم کورٹ کے فیصلے کی عزت تو کریں۔ سپریم کورٹ کے فل بینچ نے جو فیصلہ دیا ہے، پہلے آپ اس پر آ جائیں۔ آپ تیرہ ججز کی عزت نہیں کرتے تو ان چھ کو کون سا پٹکا بندھوائیں گے۔

(مداخلت)

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: یہاں جیسے ایک بات کی گئی کہ یہ ایک بندے کا کیس ہے، اس کو کوئی سزا دی گئی جس پر عمل نہیں ہوا۔ ساڑھے چوبیس کروڑ عوام جو سزا بھگت رہے ہیں، ان کو کون آزادی دلائے گا؟ ان کے کیسز کن عدالتوں میں جائیں گے؟ ویسے سینیٹر قادر کا اور میرا تو عدلیہ سے تعلق بھی نہیں بنتا۔ ہمارا کیا تعلق ہے؟ نہ ہمارا یہ بزنس ہے اور نہ کوئی اور چیز ہے۔ ہمیں بلاوجہ کسی اور کی جنگ نہیں لڑنی چاہیے۔ پہلے ان عدالتوں کی عزت کریں۔ ہاں، اگر واقعی حکومت کو ججز کی تعداد بڑھانے میں اتنی دل چسپی ہے تو جیسے ہمارے علی ظفر صاحب نے کہا کہ آپ نیچے سے start کریں اور سپریم کورٹ تک آئیں۔ جہاں جہاں ججز کی shortage ہے، وہاں آپ انہیں لائیں۔ اس سے پہلے سپریم کورٹ کو عزت دیں۔ یہ جو انہوں نے فیصلہ دیا ہے، پہلے اس پر عمل کریں، وہ سیٹیں PTI کو واپس کریں تاکہ آپ کا دو تہائی اکثریت کا خواب ٹوٹ جائے۔ بعد میں بے شک آپ جتنی چاہے یہاں سے قانون سازی کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: چیئرمین صاحب! بات یہ ہے کہ ان کو ابھی تسکین نہیں آئے گی، میرے خیال میں بعد میں آئے گی۔

Mr. Chairman: Please order in the House.

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: چیئرمین صاحب! ان کو بڑا شوق ہے بیچ میں بولنے کا۔ اگر یہ ایسا سمجھتے ہیں تو میں کھڑا ہوتا ہوں، میں challenge کرتا ہوں یہ سارے بولیں، میں نے ان کو بولنے دیا تو میں سینیٹر نہیں ہوں گا۔ آپ میرا نام change کر دیجیے گا۔ یہ بیچ میں بولنے والے کون ہوتے ہیں۔ بھئی، آپ بیٹھو، جب آپ کی باری آئے تو آپ بات کرو۔

Mr. Chairman: Please, order in the House.

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: چیئرمین صاحب! آپ انہیں منع کریں۔ آپ House کو in order کریں۔ یہ آپ کا کام ہے۔ میرا کام نہیں ہے۔ صدیقی صاحب! آپ اپنے لڑکوں اور مُنڈوں

کو منع کریں، یہ نئے آئے ہیں۔ نئے جب آتے ہیں، میلے میں جب کوئی بندہ ناچتا ہے تو اس کو پتا نہیں ہوتا۔ جب رات کو اس پر زور پڑتا ہے تو پھر اسے پتا چلتا ہے۔ یہ سینیٹ کا ہاؤس ہے۔ ہم نے آپ کے تین سال بھی دیکھے ہیں۔ آپ لوگ یہاں زیادہ بدمعاشی کریں گے تو اسی طریقے سے آپ کو جواب ملے گا۔ ایسی کوئی بات ہی نہیں ہے۔ چیئرمین صاحب! مائیک میرے پاس ہے، آپ ان سب کو بٹھائیں۔

Mr. Chairman: Please address the Chair.

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میں تو آپ کو ہی address کر رہا ہوں۔ یہ cowherd and shepherd کیوں بیچ میں بولتے ہیں؟ ان کو نہیں بولنا چاہیے۔ نہ جانے کہاں سے، UK سے ایک shepherd لائے ہیں، ہر بندے کی بات کے بیچ میں اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ کیا یہ کوئی طریقہ ہے؟ کیا یہ کوئی اخلاقیات ہے؟ کبھی بھی ایسے نہیں ہوگا۔ انہوں نے یہ ایک بندہ UK سے hire کیا ہے اس لیے کہ کوئی سینیٹر بات کرے گا تو یہ بیچ میں ٹپک پڑے۔ ہم اسے اس کی اصلیت بتادیں گے۔ ایسی کوئی بات ہی نہیں ہے۔ میاں شہباز شریف یا میاں نواز شریف کو ان کی need ہوگی۔ PTI کو کبھی بھی ان کی need نہیں ہوگی۔ PTI کو ایسے جاہل لوگ کبھی بھی نہیں چاہییں اگر کوئی سمجھتا ہے۔ کیا یہ کوئی اخلاقیات ہیں؟ اس وقت floor میرے پاس ہے۔

Mr. Chairman: Please order in the House.

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: یہاں ان کی لیڈرشپ بیٹھی ہے، اس کو منع نہیں کر سکتے۔ کیا یہ کوئی طریقہ ہے بات کرنے کا؟ میں نے "مُنڈا" کہا ہے۔

Mr. Chairman: It is not an un-parliamentary word.

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میں نے لفظ "مُنڈا" کہا۔ اعظم بھائی! یقین مانیے میں ایسے بول ہی نہیں سکتا۔ میں کسی کی بات کے بیچ میں نہیں بولتا۔ ایک تو ہمیں floor نہیں ملتا۔ اگر مشکل سے ملتا ہے تو یہ بیچ میں اٹھ کھڑے ہوتے ہیں تو لازمی تکلیف ہوگی اور ہم بات نہیں کر پائیں گے۔ ہاؤس کا وقت قیمتی ہے۔ بات یہ ہے کہ نہ قادر کی، نہ میری اور نہ کسی اور کی اس چھ ججز کے معاملے میں کوئی دل چسپی ہے۔ قانون سازی بے شک ہو، آپ اپوزیشن کو بھی بٹھائیں، حکومت بھی بیٹھے۔ ہمارے پارلیمانی لیڈر نے تو بڑا کمال کیا یہ کہہ کر کہ نیچے والی عدالتوں سے معاملات کو شروع کریں۔ بے تحاشا کیسز پڑے ہیں لیکن بات یہ ہے کہ یہاں عمل ہی نہیں ہوتا۔ اگر قانون سازی کسی targeted

نیت کے ساتھ کی جائے تو اس قانون سازی کی کوئی need نہیں ہے۔ یہ ہاؤس اس کے لیے کبھی بھی استعمال نہیں ہونا چاہیے۔ ابھی دیکھیں، مجھے پہلے bill پر وقت نہیں ملا۔ بات یہ ہے کہ ہماری PTI کے لیے دفعہ 144 ہوتی ہے۔ آپ نے دیکھا ہوگا جولائی 2023 کے first week میں مولانا صاحب نے یہاں سپریم کورٹ کے آگے جلسہ کیا، وہی دفعہ 144 تھی، وہی containers لگے ہوئے تھے، ہم ویسے ہی مخالفت نہیں کرتے، اس چیز کی logic ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ ہم اپنی پگڑی کسی افسر کے ہاتھ میں نہ دیں۔ ٹھیک ہے اگر ہم نے کوئی rules and regulations بنانے ہیں تو ہم آپس میں بیٹھیں۔ وہی DC تھا جس نے 2023 میں PTI کے لیے دفعہ 144 نافذ کی۔ Containers لگا دیے گئے جیسے ابھی لگے ہوئے ہیں۔ دو دن بعد مولوی صاحب آئے۔ جب وہ آئے تو آپ نے دیکھا ہوگا کیونکہ اس کی videos بھی ہیں کہ کیسے containers ہٹائے گئے اور ان کے لئے راستے کھول دیے گئے۔ وہی پولیس اور اس کا IG تھا۔ وہ خود اپنی وردی میں کھڑا تھا اور کہہ رہا تھا کہ آ جائیں .you are welcome ہم کہتے ہیں کہ کیوں ,commissioner DC یا کسی اور کو authority دیں کہ وہ ہمیں بتائیں کہ ہم نے کہاں جانا ہے اور کہاں بیٹھنا ہے۔ وہ DC کیا کرے گا۔ اب آپ اس بات پر آئیں کہ F-6 میں اسلام آباد پریس کلب کے سامنے اور ابھی ہمارے صحافی دوست بھی یہاں بیٹھے ہیں کہ ان افغانیوں کو کس نے بٹھایا تھا۔ وہ border سے اٹھ کر نہیں آئے تھے بلکہ کسی مقصد کے لئے بٹھائے گئے تھے۔ ان کی حالت یہ تھی کہ انہیں lunch کے لئے چاول نہیں ملتے تھے پھر وہ کیسے شام میں اسلام آباد ہوٹل جا کر میٹنگ کرتے تھے۔ یہ پاکستان اور ہمارے سسٹم کی تباہی ہے۔

جناب چیئرمین: مطلب آپ بھی یہ چاہتے ہیں کہ نیچے سے judges بڑھائے جائیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: سینیٹر محسن عزیز بیٹھے ہیں۔ وہ اس وقت Standing Committee on Interior کے چیئرمین تھے۔ انہوں نے بار بار DC and Commissioner کو بلوایا کہ ان افغانیوں کو اٹھاؤ۔ وہ انہیں نہیں اٹھا سکے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر فوزیہ ارشد۔

(مداخلت)

سینیٹر فوزیہ ارشد: جناب! آپ سینیٹر عبدالقادر کو بٹھائیں کیونکہ پہلے میں بات کروں گی۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جی سینیٹر فوزیہ ارشد۔

**Senator Fawzia Arshad**

سینیٹر فوزیہ ارشد: شکریہ، جناب چیئرمین! ابھی میرا نام honourable Minister for Law and Justice نے لیااور بارہالیا۔ انہوں نے مجھے چار، پانچ مرتبہ quote کیا اور میں انہی باتوں کا جواب دینا چاہتی ہوں۔ پہلی بات یہ کہ آپ نے ہم سب کو discipline in the House کے حوالے سے چٹھی بھیجی تھی but I do not see that discipline today at all. آپ سے request ہے کہ آپ اسی چٹھی کو یاد کریں اور جو discipline maintain نہیں کررہاچاہے میں ہی کیوں نہ ہوں، مجھ سمیت اس کے خلاف action لیں۔ آپ نے اس چٹھی میں لکھا تھا کہ جو بھی کوئی ایسی ویسی بات کرے گاآپ اس کے خلاف action لیں گےاور suspend بھی کردیں گے۔ میرااور سینیٹر حامد خان کا بھی نام لیا گیا۔ میری گزارش یہ ہے کہ میں نے یہ بل 30 جنوری 2023 کو جمع کیا تھا۔ اس وقت کے کیا حالات تھے اور اب کیا حالات ہیں لہٰذا میں نے وہ اس وقت کے حالات کی مناسبت سے دیا تھا۔ چونکہ میں وکیل نہیں ہوں اور law میرا subject نہیں ہے and I am a teacher تو میں نے common person کی حیثیت سے یہ کہا کہ میرے پاس لوگ آتے تھے کہ میڈم کچھ کریں تب میں نے یہ بل بنایا۔ میرا مقصد یہ تھا کہ جو کیسز ہیں، وہ جلد از جلد ختم ہو سکیں and that was to start from the base which is the lower courts. جب مجھے آگاہی دی گئی تو میں سمجھ گئی اور وہ Bill withdraw کیا۔ یہ میرا حق بھی ہے اور میں کوئی پہلی exceptional case نہیں ہوں جس نے اپنا Bill withdraw کیا ہے۔ It is my right and I can withdraw my Bill. There is nothing to quote me in a malign manner and I am offended by this کہ مجھے اس طرح کہا گیا کہ انہیں زبردستی کہلوایا گیا۔ میں کسی زبردستی میں آنے والی خاتون نہیں ہوں۔ I have a mind of my own and I would request کہ اس طرح نہ کریں، شکریہ۔

Mr. Chairman: Yes, Minister for Law and Justice.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! سینیٹر فوزیہ ارشد میری بہن ہیں اور میں نے کوئی negative sense میں بات نہیں کی ہے۔

جناب چیئرمین: آپ ذرا late آئے ہیں کیونکہ بس یہ decision رہتا ہے کہ either we put it to the House or refer it to the Committee.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں بڑے ادب سے یہ عرض کروں کہ سینیٹر شہادت اعوان اور سینیٹر عبدالقادر اس کمیٹی میں شامل تھے۔ آپ اس کی proceedings نکلوائیں۔ ہمارا ایک، ایک لفظ record ہوتا ہے۔ I am on the record اور آپ میرے لئے بڑی محترم ہیں اور میں نے negative sense میں کوئی بات نہیں کی۔ میں نے یہ کہا تھا کہ آپ بھی یہ تجویز لے کر آئی تھیں اور سینیٹر حامد خان نے آپ سے کہا کہ اس طرح کی ترمیم مناسب نہیں ہے۔ اس کے بعد پھر آپ نے کہا کہ I do not press اور bill withdraw کرنے کا کہا۔ اس میں کوئی offending چیز نہیں ہے۔ میں on floor of the House ایک اور وضاحت کرنا چاہتا ہوں اور جیسے سینیٹر علی ظفر صاحب نے ابھی کہا کہ آپ نیچے سے درستی کریں تاکہ اس کا effect اوپر تک آسکے۔ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی ہدایت پر کابینہ کے پہلے اجلاس میں Ministry of Law and Justice کو یہ task دیا گیا تھا کہ آپ criminal laws reform کریں کیونکہ اس میں بہت زیادہ problems ہیں۔ میں on floor of the House یہ بات کررہا ہوں کہ ان شاءاللہ العزیز اگلے دو، تین ہفتوں میں وہ package آئے گا۔ Criminal procedure code میں بڑی massive reforms ہیں۔ FIR کے اندراج کے طریقے سے لے کر manner of arrest, discharge, filing of report under Section 173, timelines in the magisterial evidence کہ and session trails, usage of modern devices ہونی چاہیے، Section 161 کے تحت statements کی video record recordings ضروری کیسز میں ہوں تاکہ بعد میں گواہ انحراف نہ کرجائیں اور victim کو انصاف ملے۔ یہ ساری چیزیں ہم نے تیار کی ہیں اور ایوان میں لے کر آرہے ہیں اور اس کے لئے آپ کے تعاون کی بھی درخواست ہوگی۔ میں پھر سے یہ کہوں گا کہ سینیٹر عبدالقادر نے کوئی انہونی بات نہیں

کر دی کیونکہ آئین پاکستان کے framers نے جو 1973 میں zero dissenting vote کے ساتھ پاس ہوا تھا، in their own wisdom, they decided not fix the number of judges in the Constitution and left it open for this august forum کہ وہ time to time, حالات اور demand کو سامنے رکھتے ہوئے Act of Parliament کے ذریعے number of judges متعین کریں۔

جناب! آج اگر یہ بل کے ذریعے چھ ججز مانگ رہے ہیں اور وہ چار بڑھ جاتے ہیں، کل کے دن ہو سکتا ہے کہ 53,000 cases pendency سے کم ہو کر 5000 رہ جائے تو پھر یہی سپریم کورٹ پانچ ججز پر بھی مشتمل ہو سکتی ہے۔ ہم sense and logic سے بات کریں۔ اسی وجہ سے آئین کے framers نے آپ کو یہ اختیار دیا کہ آپ اسے قانون سازی کے ذریعے کریں۔ آپ اسے کمیٹی میں بھیجیں تاکہ وہاں پر بحث ہو، شکریہ۔

Mr. Chairman: I refer it to the Standing Committee concerned. Yes, Senator Aimal Wali Khan, please rise and talk, but the Bill has been referred to the Committee concerned.

**<u>Senator Aimal Wali Khan</u>**

سینیٹر ایمل ولی خان: شکریہ، جناب چیئرمین! یہ خوش قسمتی کی بات ہوتی ہے کہ انگریز کہتا ہے کہ if there is smell then something is cooking. جب فیصلے کہیں اور سے ہوتے ہیں تو دونوں اطراف دماغ بھی ایک جیسے ہو جاتے ہیں کہ اپوزیشن کا بل آتا ہے اور حکومت اس سے خوش ہو جاتی ہے۔ اچھا ہے کہ سینیٹر عبدالقادر مان لیتے ہیں۔ آپ باپ ہیں اور ہم وہ بن نہیں سکتے۔ یہی بد قسمتی ہے کہ ہم بس خوش، خوش یہ مان لیتے ہیں۔ We know that this House and Lower House of the Parliament are being used again. منسٹر صاحب نے یہ اچھی بات کہی کہ اصلاحات دو ہفتے یا دو مہینے بعد آ رہے ہیں تو اس کے لئے کون سی جلدی پڑ گئی۔ اسے بھی ان اصلاحات میں ڈال لیتے۔ پورے پاکستان کے میڈیا پر یہ آ رہا ہے کہ 7 ججز کی ضرورت ہے اور اس کی ضرورت کس کو ہے اور کیوں ہے۔ اگر judiciary کو دیکھنا ہے تو میری حکومت کے لئے کچھ advice ہے۔ یہ بل آ رہا ہے اور پاس بھی ہوگا اور ویسے بھی جب باپ والے بل پیش کریں گے اور باپ کا بل ہو تو وہ کسی کا باپ بھی اس کو روک نہیں سکتا۔ میں

سب سے پہلے یہ کہوں گا کہ سپریم کورٹ کے جتنے بھی ججز ہیں، یہ جو میڈیا میں heroes بنتے ہیں، سب سے پہلے اسے بند کریں کیونکہ سالہا سال سے سپریم کورٹ صرف وہی فیصلے اٹھاتی ہے جس کے ذریعے انہیں میڈیا میں تشہیر ملے۔ قوم کے مسائل کے لئے سپریم کورٹ کا ایک جج بھی نہیں بیٹھا ہوا۔ جو پہلے اتنے بیٹھے ہیں، انہوں نے کون سے یہ مسائل حل کر دیے۔ اب جب 7 کی ضرورت ہے تو یہ بھی ہو جائے گا۔ میری یہ رائے ہے کہ اب وقت آگیا ہے کہ ہم سپریم کورٹ سے constitutional اختیارات لے کر ایک constitutional court بنا کر اسے دے دیں۔ دنیا میں اس کی examples بھی ہیں۔ ہمیں ایک pure and professional constitutional court بنا لینی چاہیے جو وہ matters دیکھے جو constitution کے مطابق ہیں اور باقی judiciary سپریم کورٹ سے لے کر lower courts تک، دوسرے مسائل دیکھے۔

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! ججز بڑھائیں لیکن سپریم کورٹ میں اتنی ضرورت نہیں ہو گی جتنی ضرورت lower courts میں ہے۔ ایک دن میں چالیس چالیس، پچاس پچاس کیس لگتے ہیں۔ ایک جج پچاس کیس ایک دن میں نہیں سن سکتا۔ لہٰذا، اس پورے process کو دیکھ کر عدلیہ کو سپریم کورٹ سے لے کر High Courts, District Courts اور Lower Courts, ہر جگہ ان کو تعداد کے مطابق ایسی تعداد دیں اور پھر make them an example, ان کو target بھی دیں، یہ نہیں کہ ہم جس مسئلے کے لیے سات ججز کو بڑھا رہے ہیں، وہ تو اچھا ہو جائے گا، چیف صاحب کو power بھی مل جائے گی، باقی چیزیں بھی ہو جائیں گی لیکن ابھی جس وجہ سے بل لا رہے ہیں کہ اتنے ہزار cases pending ہیں، قادر بھائی! اللہ نہ کرے یہ pendency اور زیادہ نہ ہو جائے، شکریہ۔

Mr. Chairman: Order No. 32, Palwasha.

آپ کا پہلے ہو چکا ہے؟ یہ Order No. 32 ہو چکا ہے یا نہیں ہوا؟

(مداخلت)

Mr. Chairman: Order No. 32, Palwasha.

**Introduction of [The Anti-Terrorism (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Palwasha Mohammed Zai Khan: Thank you Sir. I wish to move for leave to introduce a Bill further to amend the Anti-Terrorism Act, 1997 [The Anti-Terrorism (Amendment) Bill, 2024].

(مداخلت)

Mr. Chairman: It has been referred to the concerned Committee….

(مداخلت)

جناب چیئرمین: براہ مہربانی آپ تشریف رکھیں۔ براہ مہربانی move کریں۔

Senator Palwasha Mohammed Zai Khan: I wish to introduce a Bill further to amend the Anti-Terrorism Act, 1997 [The Anti-Terrorism (Amendment) Bill, 2024].

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: متعلقہ کمیٹی کو بھیج دیا جائے۔ اگر سینیٹر صاحبہ تھوڑا بتا دیں۔

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: عرض ہے کہ ASF بھی ایک federal law enforcement agency ہے اور ہمارے airports, Aviation Division اور sensitive installations کو protect کرتی ہے اور ظاہر ہے کہ پھر وہ تخریب کاری کی زد میں بھی آتے ہیں اور تحفظ بھی دیتے ہیں۔ ان کو بھی ایک technically, legally cover مل جائے اور یہ بھی Anti-Terrorism Act کے زمرے میں آجائیں تاکہ ان کو بھی حوصلہ ملے چونکہ ان کی ذمہ داریاں ایسی ہی ہیں جو دہشت گردی سے related ہیں۔

Mr. Chairman: It is referred to the concerned Committee.

Senator Palwasha Mohammed Zai Khan: Thank you Sir.

Mr. Chairman: Order No. 34, Senator Mohsin Aziz Sahib.

## Introduction of [The Control of Narcotic Substances (Amendment) Bill, 2023]

Senator Mohsin Aziz: I wish to move for leave to introduce a Bill further to amend the Control of Narcotic Substances Act, 1997 [The Control of Narcotic Substances (Amendment) Bill, 2023].

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی جناب! آج briefing میں Narcotics Division کےsenior officials آئے ہوئے تھے، یہاں موجود بھی ہوں گے۔ ان کا یہ کہنا تھا کہ اس کی spirit اچھی ہو سکتی ہے لیکن اس کو implement کرنے کا جو manner ہے کہ law enforcement agencies کے لوگ Sub-Inspectors, Inspectors پولیس والے اسکولوں میں جا کر بچوں کی testing کریں۔ اس میں کچھ constitutional issues بھی ہیں کہ آپ کی رضا کے بغیر کسی کے پاس جانا اور اس کا sampling لینا جبکہ آپ کے پاس reasonable evidence نہیں ہے یہ دیکھنے کے لیے کہ کوئی بچہ narcotics use کر رہا ہے یا نہیں، اس کے لیے surveillance کے اور بہت سارے systems ہیں۔ وہ کہہ رہے تھے کہ یہ چیز practically بھی غلط ہے اور اس میں کچھ constitutional issues بھی ہیں کہ آپ کس طرح ایک عام قانون کے تحت اسکولوں میں پولیس کو بھیجیں اور وہ ساری doping and testing کرے۔ اس سے بہت complications آ سکتی ہیں، اس وجہ سے محکمہ اسے oppose کر رہا ہے .in present form ویسے SOPs, اگر خود schools/administration مناسب سمجھے، جو suspected بچہ ہے اس کے لیے۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! امانتاً جو باتیں مجھے کہی گئی ہیں، میں صرف وہ ایوان کے سامنے رکھ رہا ہوں کہ یہ وجوہات ہیں جن کی وجہ سے وہ کہتے ہیں کہ یہ personal liberties اور personal rights کو بھی transgress کرتا ہے، اس حوالے سے، کوئی ایسا case identify ہو جائے کہ some intoxicated child is found in the premises of university, college and school. His case can

be taken up and the university, college and school administration can take action. They can also send his case for medical examination. جناب! اس کی روح بہت اچھی ہے،آپ کی spirit اور نیت ٹھیک ہے لیکن یہ وہ چیزیں تھیں جو مجھے brief کی گئیں۔ میں نے امانتاً آپ کے سامنے رکھ دیا۔

جناب چیئرمین: جی محسن عزیز صاحب۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہمارے institutions ہیں خاص طور پر ہماری آنے والی پود ہے، آج کل چونکہ synthetic drugs بہت عام ہو گئی ہیں، یہ بہت cheap drugs ہیں۔۔۔۔

(اس دوران ایوان میں اذانِ مغرب سنائی دی)

Mr. Chairman: One second, Orders No. 6 to 10, Orders No. 22 to 27, Orders No. 30 to 31 and Orders No. 36 to 45 are deferred due to absence of Members. Yes please.

سینیٹر محسن عزیز: جنابِ! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اس وقت پورے ملک میں منشیات کا استعمال خصوصاً بچوں میں بہت زیادہ بڑھ گیا ہے۔ تعلیمی اداروں میں اس کی supply and demand بہت بڑھ گئی ہے۔ کل ہی میں دیکھ رہا تھا کہ کراچی میں ایک بہت بڑا raid ہوا ہے اور culprits کو پکڑا گیا ہے۔ ہم نے اپنی آنے والی پود کو بچانا ہے۔ ہم نے یہ ضرور دیکھنا ہے کہ ان کے ساتھ زیادتی نہ ہو لیکن یہ ایک known fact ہے آج جو بچے پڑھائی کی وجہ سے depression کا شکار ہیں یا گھریلو ناچاکی کی وجہ سے ان کی دماغی حالت ٹھیک نہیں ہے یا ان کے دوست اس طرح کے کام کر رہے ہیں، وہ ایک menace بنتی جا رہی ہے۔ حالات ایسے ہیں کہ گھر میں کچھ ناچاکیاں غربت کی وجہ سے ہیں، آج کل مہنگائی کی وجہ سے حالات خراب ہیں، یہ سارے کے سارے towards the use of this menace direct کرتے ہیں۔

میں نے یہ بل 2022 میں پیش کیا تھا۔ یہ بل 27 اپریل 2022 کو introduce ہوا تھا۔ پھر ایوان نے 30 مئی 2022 کو کمیٹی کو refer کیا تھا۔ اس حوالے سے چار مرتبہ

meetings ہوئی ہیں اور چاروں مرتبہ meetings میں اسے کافی حد تک mellow down کیا گیا ہے تاکہ as a step one اسے ہم introduce کریں تاکہ اس میں کسی قسم کی کوئی زیادتی کسی بچے کے ساتھ ، کسی ادارے کے ساتھ نہ ہو جائے۔ اس کو وقتاً فوقتاً میں agree and disagree کرتا گیا اور finally یہ ایک agreement بنا جس میں narcotics والے صاحبان بھی موجود تھے، ہماری کمیٹی کی رائے بھی موجود تھی، اس میں وکلاء کی بھی رائے موجود تھی۔ اس کے بعد اس draft کو بنایا گیا حالانکہ میں اس سے agree نہیں کرتا تھا کیونکہ اس کو بہت mellow down کر دیا گیا ہے۔ ابھی تو اس میں کچھ بھی نہیں ہے، ابھی تو اس میں سب سے پہلی مرتبہ یہ بتایا گیا کہ a warning will be issued, ہم نے تو کوئی اس میں ایکشن نہیں لیا۔ اگر پھر second time conviction repeat ہوتی ہے تو والدین کو بتایا جائے گا۔ اگر پھر 3rd time repeat ہوتا ہے تو وہ کونسلر کے پاس جائے گا اور وہ rehabilitation centre میں جائے گا اور اگر پھر بھی نہیں ہوتا تو اسکول سے نکالا جائے گا۔ اسی طریقے سے جو اسکول کو ہم نے responsible بنایا ہے، اس پر تو narcotics والے کوئی officer involve ہی نہیں ہو سکتا۔ شروع میں میرے بل میں ضرور لکھا تھا لیکن یہ Bill 3 April, 2023 کو یہاں سینیٹ سے بھی پاس ہو چکا ہے۔ جناب! اس کے بعد یہ Bill 5 April, 2023 کو قومی اسمبلی چلا گیا تھا لیکن وہاں پر کسی ممبر نے اسے put نہیں کیا۔ پھر وہاں سے اس کو دوبارہ ہمیں لانا پڑا۔ اس لیے یہ بل کافی حد تک ہر مرحلہ پر، ہاؤس، کمیٹی اور ترمیم کے مراحل پر discuss ہو چکا ہے۔ خدارا! اس کو کمیٹی میں جانے دیا جائے، وہاں ہم اس کو discuss کر لیتے ہیں۔ آپ کا، میرا مطلب ایک ہی ہے اور وہ یہ ہے کہ آنے والی پوت کو اس menace سے بچایا جائے۔ ہماری پود اس سے خراب ہو رہی ہے، یہ ایک known fact ہے۔ میں کوئی figure نہیں دینا چاہتا لیکن جب وہاں پر in camera meeting ہوئی، اس پر ایک بڑی disturbing figure دی گئی، yes, we agree that to certain extent کہ یہ اسکولوں میں استعمال ہو رہا ہے۔ میں وزیر قانون سے request کرتا ہوں کہ خدارا! اس کو آپ کمیٹی میں جانے دیں، وہاں پر جو بھی further amendments آنی ہوں گی، ہم لے آئیں گے۔

جناب چیئرمین: وزیر قانون صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: محسن عزیز صاحب نے فرمایا ہے کہ وہاں پر محکمہ بھی آئے گا، مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

Mr. Chairman: Referred to the concerned Committee. Order No.46, anybody is present? Senator Palwasha.

**Withdrawal of [The Islamabad Nature Conservation and Wildlife Management Bill, 2024]**

Senator Palwasha Mohammed Zai Khan: I, seek leave to withdraw the Bill to provide for the protection, preservation, conservation and management of nature and wildlife in the Islamabad Capital Territory [The Islamabad Nature Conservation and Wildlife Management Bill, 2024], as introduced in the Senate on 10th June, 2024.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and the leave to withdraw the Bill is granted. Order No. 47, Palwasha.

Senator Palwasha Mohammed Zai Khan: I wish to withdraw the Bill to provide for the protection, preservation, conservation and management of nature and wildlife in the Islamabad Capital Territory [The Islamabad nature conservation and Wildlife Management Bill, 2024].

Mr. Chairman: The Bill stands withdrawn. Order No. 48, Senator Rana Mahmood ul Hassan.

**Withdrawal of [The Constitution (Amendment) Bill, 2022]**

Senator Rana Mahmood ul Hassan: I, Senator Rana Mahmood ul Hassan, seek leave to withdraw the Bill further to amend the constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2022] (Amendment of Articles 1, 51, 59, 106, 154, 175A, 198, and 218 of the Constitution), as introduced in the Senate on 17th January, 2022.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and the leave to withdraw the Bill is granted. Order No. 49, Senator Rana Mahmood ul Hassan.

Senator Rana Mahmood ul Hassan: I wish to withdraw the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2022].

Mr. Chairman: The Bill stands withdrawn. Order No. 50, Senator Fawzia Arshad.

**Withdrawal of [The Supreme Court (Number of Judges) (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Fawzia Arshad: I, Senator Fawzia Arshad seek leave to withdraw the Bill further to amend the Supreme Court (Number of Judges) Act, 1997 [The Supreme Court (Number of Judges) (Amendment) Bill 2023], as introduced in the Senate on 30th January, 2023.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and the leave to withdraw the Bill is granted. Senator Fawzia Arshad.

Senator Fawzia Arshad: I, Senator Fawzia Arshad, wish to withdraw the Bill further to amend the Supreme Court (Number of Judges) Act, 1997 [The Supreme Court (Number of Judges) (Amendment) Bill 2023].

Mr. Chairman: The Bill stands withdrawn. Motion No. 52, Senator Hidayatullah Khan may move Order No. 52.

**Motion under Rule 126 (7) moved by Senator Hidayatullah Khan regarding consideration of [The Pakistan Institute of Engineering and Technology Bill, 2024] in the Joint Sitting of Parliament**

Senator Hidayatullah Khan: Thank you, Mr. Chairman. I, Senator Hidayatullah Khan, move that Bill to provide for the establishment of the Pakistan Institute of Engineering and Technology [The Pakistan Institute of Engineering and Technology Bill, 2024], as passed by the Senate and transmitted to the National Assembly but not passed by the National Assembly within ninety days of its laying in the National Assembly, be considered in joint sitting. Thank you.

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands referred to the joint sitting unanimously.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: Order No. 53.

**<u>Resolution moved by Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition, and 26 other Senators to congratulate Arshad Nadeem on his remarkable achievement of winning the Gold Medal at Paris Olympics</u>**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! یہ resolution ہے ساروں نے unanimously اس کو consider کیا تھا، sign کیا ہے، ہمارے قومی ہیرو ارشد ندیم کی performance کے بارے میں،

with the kind permission of this honourable Chair, Sir, I move the following resolution:-

"The Senate of Pakistan congratulates Arshad Nadeem on his remarkable achievement of winning the gold medal in the Javelin throw at the Paris Olympics.

This House recognizes the achievement of Arshad Nadeem as a testament to dedication & hard work, inspiring the Youth of Pakistan.

This House urges the government to provide opportunities for our youngsters to compete in various fields of sports at School, College and University level.

This House expresses solidarity with Arshad Nadeem, celebrating his gold medal win at the Paris Olympics, and expresses full confidence that he will continue to earn more laurels, brightening the name of our country globally, and serving as an inspiration for our youth.

May Arshad Nadeem's triumph be a wake-up call for our nation, urging us to prioritize sports development and empower our young generation to achieve greatness".

Mr. Chairman: There shall be no discussion on a resolution which has not been opposed and it has been carried unanimously. I now put the resolution before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The resolution is passed unanimously.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Yes I am giving the point of order. I want the sense of the House that do you want to discuss the issue of Balochistan?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون وانصاف) : جناب والا! میرے خیال میں کچھ سینیٹرز رہ گئے تھے جنہوں نے بات نہیں کی تھی۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں بلوچستان کے issue پر وہ بات کر لیں۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب والا! Item No. 54 نہیں ہو گا؟

Mr. Chairman: I just asked the House that do you want to continue, there are a few members who have not discussed on Balochistan.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، آپ بول لیں۔ Order No. 54, deferred.

(اس موقع پر جناب پریذائیڈنگ آفیسر سینیٹر عرفان الحق صدیقی کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: السلام علیکم۔ بہت شکریہ۔ Now we start discussion on Balochistan issue. جی آپ بتائیں۔

**Senator Nadeem Ahmed Bhutto**

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: جناب والا! حالیہ بارشوں کی وجہ سے پورے پاکستان اور خصوصاً سندھ میں کافی نقصان ہوا ہے، زرعی زمینیں کاشت کے قابل نہیں رہیں، فصلیں تباہ ہوئی ہیں۔ خاص طور بدین میں تو بہت بری صورت حال ہے۔ بلوچستان میں باغات تباہ ہو گئے ہیں، Railway track کو بارش کا پانی بہا کر لے گیا ہے۔ اس کے ساتھ road network میں چھوٹے، بڑے

پل تباہ ہو گئے ہیں۔ اسی طرح KP and GB میں بھی بہت نقصان ہوا، وہاں کا road network تباہ ہوا ہے، پل تباہ ہوئے ہیں، land sliding ہوئی ہے، جانی اور مالی نقصان ہوا ہے۔ وزیر قانون صاحب بیٹھے ہوئے ہیں میری گزارش ہے کہ وہ NDMA کو مزید فعال کریں۔ حکومت سے گزارش ہے کہ مالی نقصان کے ازالے کے لیے کچھ کیا جائے۔ پچھلے سال بھی بلوچستان میں بارشیں اور سیلاب آیا تھا، اس میں بھی بہت نقصان ہوا تھا، ویسے بھی مہنگائی ہے، لوگ دو وقت کی روٹی کے لیے پریشان ہیں۔ ان بارشوں سے چاروں صوبوں میں نقصان ہوا ہے۔ خدارا! حکومت ان نقصانات کے ازالے کے لیے سنجیدہ اقدامات کرے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تارڑ صاحب! آپ respond کریں گے؟

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی آپ بات کرلیں۔

Senator Aimal Wali Khan: Senator mentioned my province name as KP,

خدارا! خیبر پختونخوا نام ہے۔ آپ کو اگر میں NAB بولوں گا تو اچھا لگے گا۔ NAB آپ کا نام ہے تو آپ کو NAB نہیں بول سکتے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پورا نام بولا کریں جی اچھا لگتا ہے۔ جی تارڑ صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس معاملے پر وزیر اعظم پاکستان concerned بھی ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ہاں اس میں کوئی شک نہیں ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! معزز سینیٹر صاحب نے جن باتوں کی طرف ہماری توجہ مبذول کروائی ہے، یہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہے اور مشکل کی اس گھڑی میں ریاست کا فرض ہے کہ وہ اپنے شہریوں کے ساتھ کھڑی ہو، ان کی جس حد تک مدد، امداد، ان کے نقصانات کا ازالہ، ان کے دکھوں اور تکلیفوں کا مداوا حکومتِ وقت کا فرض ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف صاحب نے اس سلسلے میں daily basis پر NDMA کا ایک dashboard بنوا رکھا ہے اور ساتھ ساتھ ساری reports لیتے ہیں اور ان پر مناسب احکامات بھی جاری کرتے ہیں۔ relief work around the provincial governments and بہت سارا

کرتا ہے، اس کے لیے بھی coordination ہے اور ان departments revolve
شاء اللہ جس حد تک ممکن ہوا، جن جن لوگوں کے نقصانات ہوئے ہیں، جس حد تک حکومت کی بساط ہے ان لوگوں کی مدد کی جائے گی اور مداوا کیا جائے گا۔

Mr. Presiding Officer: So we move to Balochistan discussion.

*(Interruption)*

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک سیکنڈ۔ آپ ڈاکٹر صاحب کا وقت نہ لیں، کل میں نے ڈاکٹر صاحب سے وعدہ کیا تھا اور اتفاق سے میں یہاں بیٹھا ہوا ہوں۔ جی۔

**Senator Zeeshan Khanzada**

سینیٹر ذیشان خانزادہ: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! آج ارشد ندیم کے بارے میں جو resolution pass ہوئی ہے، میں بھی اس میں شامل ہوں بلکہ میں نے تو اپنی طرف سے ایک اور resolution بھی دی تھی، میری وہ resolution اِس resolution میں merge کی گئی ہے۔ ارشد ندیم نے پاکستان کے لیے جو کچھ کیا ہم اس پر بہت فخر کرتے ہیں۔ جناب والا! مجھے لگتا ہے کہ جب ایسا کچھ ہوا ہے تو ہمیں بحیثیت پاکستانی یہ ضرور دیکھنا چاہیے کہ ایسے اور بھی لوگ ہیں جنہوں نے پاکستان کے لیے بہت کیا ہے اور کرنے جا رہے ہیں۔ یہ نہیں کہ عمران خان چونکہ میرا لیڈر ہے تو میں یہ بات کہہ رہا ہوں لیکن عمران خان اب Oxford University کے Chancellor کا election لڑ رہے ہیں۔ یہ ہمارے ملک اور ہماری شناخت کے لیے ایک ایسی چیز ہے کہ اگر ان شاء اللہ عمران خان یہ election جیت جاتے ہیں تو یہ نہ صرف ہمارے لیے بلکہ پوری دنیا میں پاکستان کا نام جائے گا۔

جناب چیئرمین! کچھ چیزیں ایسی ہوتی ہیں جیسے Oxford University ایک ایسا ادارہ جو آٹھ سو سال پرانا ہے اور ان کا slogan ہے کہ "producing leaders for eight hundred years". اسی لیے وہ چاہتے ہیں کہ ان کے ادارے کا Chancellor ایک ایسا لیڈر ہو جو پوری دنیا میں مقبول ہو۔ یہ ہمارے لیے بحیثیت پاکستانی بہت فخر کی بات ہو گی لیکن جناب چیئرمین! افسوس یہ ہے کہ "The Guardian" Newspaper میں ایک article آیا جس میں کہا گیا کہ کچھ پاکستانی ایسے ہیں جنہوں نے عمران خان کے candidature

کے خلاف کچھ چیزیں بتائیں، میرے خیال میں ایسا نہیں ہونا چاہیے۔ دیکھیں Rishi Sunak UK کا وزیراعظم بنا تو پوری دنیا میں انڈیا کے لوگ موج منا رہے تھے، اس کا انڈیا سے کوئی لینا دینا نہیں تھا لیکن وہ Indian origin کا تھا۔ ہمارا اپنا پاکستانی، اپنا لیڈر اگر وہ پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کرے، اس سے ہمیں تکلیف ہے۔ جناب والا! ہمیں اس ایوان میں عمران خان کے حق میں ایک resolution pass کرنی چاہیے کہ Oxford University کے Chancellor کا الیکشن ہمارے لیے ایک فخر کی بات ہو گی۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا point آگیا ہے، آپ تشریف رکھیں۔ Chancellor کا election پاکستانیوں نے نہیں کرنا وہ یونیورسٹی نے کرنا ہے اور یونیورسٹی اپنے کاموں میں آزاد ہے، نہ وہ کسی سے اثر لیتی ہے اور نہ وہ اپنی رائے کو تبدیل کرتی ہے۔ اس لیے ہمیں اس کو یونیورسٹی پر چھوڑ دینا چاہیے کہ وہ کیا کرتی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہم ایک اجتماعی، قومی issue پر اب بحث کرنے جا رہے ہیں جو دو، تین دنوں سے جاری ہے۔ ہم نہیں چاہتے کہ ہمارے political angling پر کوئی بھی اثر پڑے، ہم جو issue consensus اور دردمندی کے ساتھ discuss کر رہے ہیں۔ مگر آپ کا point آگیا۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک سیکنڈ۔ ڈاکٹر صاحب میں آپ کو پورا وقت دوں گا جو میں نے آپ سے commit کیا ہے۔ آپ کھڑے رہیں یا بیٹھے رہیں میں نے آپ کو دس منٹ دینے ہیں۔ اس لیے مہربانی کرکے آپ دو منٹ بیٹھ جائیں۔ جی طلال صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟ اس کے بعد آپ آ رہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں آپ نے تقریر کرکے جانا ہے۔ جی سینیٹر محمد طلال بدر صاحب۔

**<u>Senator Muhammad Tallal Badar</u>**

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! یہ جو chancellors والا معاملہ ہے۔ جو chancellors ہوتے ہیں وہ بچوں کے لیے reputed universities کے role

modelہوتے ہیں۔ اگر ایک chancellorکے پاس ایک ڈگری اور ایک تمغہ اس کی moralityکے against کسی بھی عدالت کا حکم ہو یا اس کا فیصلہ ہو۔ میں اس کی detailمیں ذکر نہیں کرنا چاہتا، وہ جو امریکی عدالت کا ہے اور دوسرا پاکستان سے آپ corruption chargesمیں convictedہوں۔ اس کے بعد آپ کی یہ سوچ ہو کہ عورت کا rapeاس لیے ہوتا ہے کیوں کہ عورتیں مناسب کپڑے نہیں پہنتیں۔ طالبان والا جو معاملہ ہے اس میں ان کی نہ کوئی قومی مفاد کی سوچ ہے اور نہ عالمی امن کے لیے ہے۔ وہ فیصلہ اپنی جماعت کو سیاسی طاقت دینے کے لیے کرتے ہیں۔ کبھی ان کے دفتر کھول دیں، کبھی ان کو وہاں سے لا کر ادھر آزاد کر دیں۔ اگر کوئی chancellorایسا چاہتا ہے کہ کسی reputed universityکا chancellor جتنی دیر کے لیے chancellor بنے اس سے زیادہ دیر وہ اڈیالہ جیل میں corruptionکی قید کاٹتا رہے تو میرا نہیں خیال کہ۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میری گزارش سن لیں۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد طلال بدر: میں نے اس میں کیا بدتمیزی کی بات کی ہے؟

(مداخلت)

سینیٹر محمد طلال بدر: کیا بدتمیزی کی بات کی ہے؟

(مداخلت)

سینیٹر محمد طلال بدر: آرام سے بیٹھو۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد طلال بدر: کیا بدتمیزی کی ہے؟

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میری گزارش ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد طلال بدر: آرام سے بیٹھو۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ان کو چپ کروائیں۔ فلک ناز آپ میری گزارش سن لیں گی؟

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں چاہتا ہوں جیسے ہم نے جمعہ کے دن ایوان کو پر امن طریقے سے چلایا، آج بھی ایسے ہی چلے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میری گزارش سن لیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس پر بات ہو گئی، انہوں نے کہا ہے کہ ایوان کو۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شبلی صاحب آپ ان کو سکون سے سمجھائیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب بیٹھ جائیں۔ میں یہ گزارش کر رہا ہوں انہوں نے ایک بات کی اور آپ نے اس کا جواب دے دیا۔ انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ قرارداد منظور ہونی چاہیے۔ اگر وہ قرارداد لائیں گے پھر وہ اس پر بات کریں گے، آپ بھی کھل کر بات کر لیں۔ آج اس issue کو نہ چھیڑیں، اس کو یہیں پر ختم کر دیں اور بلوچستان پر آ جائیں جو زیادہ اہم ہے اور زیادہ ضروری ہے۔ ہمیں بلوچستان کے مسئلے پر بات کرنی چاہیے۔ اس مسئلے پر آپ بول پڑے اور وہ بھی بول پڑے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اپڑو صاحب آپ بیٹھ جائیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ بات لمبی ہو جائے گی اور ایوان نہیں چل سکے گا۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں میں ایک منٹ کا وقت نہیں دے سکتا۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بلوچستان پر بات کریں۔ آپ ان کو چپ کروائیں اور میں ان کو چپ کرواتا ہوں۔ اچھا بلوچستان پر کون بات کرے گا؟ جی سینیٹر دنیش کمار صاحب۔

## Further Discussion on Balochistan issue

### Senator Danesh Kumar

سینیٹر دنیش کمار: بہت شکریہ جناب چیئرمین! سنیں بلوچستان لہولہان ہو رہا ہے اور یہ ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچ رہے ہیں۔ میں آپ سے ہاتھ جوڑ رہا ہوں بیٹھ جائیں اور بلوچستان کے بارے میں سنیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اپنی بات کریں اور بلوچستان پر ہی بات کریں۔

سینیٹر دنیش کمار: جی جناب والا! بلوچستان کے مسئلے پر ہی بات کرنا چاہ رہا ہوں مگر اس ماحول میں کوئی serious نہیں ہے۔ یہ ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچ رہے ہیں تو بلوچستان پر خاک بات کریں گے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ماحول کو بہتر بنالیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب والا! عجیب بات ہے۔ بلوچستان لہولہان ہے، بلوچستان کی سرزمین پر کشت و خون جاری ہے۔ بلوچستان رو رہا ہے اور یہاں پر ہمارے معزز سینیٹر حضرات ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچ رہے ہیں اور ایک دوسرے کو برا بھلا کہہ رہے ہیں۔ بلوچستان کے مسئلے کو پس پشت ڈال دیا ہے۔ میرے خیال سے یہ ہماری نالائقی ہے۔ میں سمجھتا ہوں سب سے پہلے میں نالائق ہوں، دوسرے اپنے آپ کو جو بھی سمجھیں۔

(مداخلت)

سینیٹر دنیش کمار: جی میں بول رہا ہوں میں نالائق ہوں۔ دوسرے سمجھنے والے اپنے بارے میں خود سمجھیں اور اپنے گریبان میں جھانک لیں۔

جناب والا! میں بلوچستان کے مسئلے پر آتا ہوں۔ بلوچستان کا مسئلہ کیا ہے؟ آپ دیکھیں وہاں پر دشمن agencies سرگرم ہیں۔ وہاں پر کشت و خون جاری ہے۔ آپ وہاں پر دیکھیں تو تیس تیس، چالیس چالیس اور پچاس پچاس گھنٹوں تک روڈ بند ہوتا ہے۔ وہاں کی عوام خوار ہو گئی ہے، وہاں پر مریض راستوں پر دم توڑ رہے ہیں۔ یہاں پر جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں air-condition کے

ماحول میں بات کررہے ہیں، میں ان کو دعوت دیتا ہوں کہ آپ بلوچستان کا دورہ کریں۔ یہ House of the Federation ہے، آپ تمام صوبوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ آپ کو اجلاس اس ٹھنڈے ماحول میں نہیں کرنا چاہیے۔ آپ کو یہ اجلاس کوئٹہ میں کرنا چاہیے۔ آپ کو پتا پڑے کہ بلوچستان کا مسئلہ کیا ہے؟ بلوچستان ایک یتیم صوبہ بنادیا گیا ہے۔

جناب والا! عمران خان صاحب کی حکومت تھی اس وقت کہا گیا اور تمام secretaries کو پابند بھی کیا گیا کہ آپ ہر مہینے بلوچستان جائیں مگر وفاق سے کوئی بھی سیکریٹری نہیں گیا۔ مجھے بتائیں اگر کوئی بھی وزیر کوئٹہ بلوچستان جاتا ہے تو صرف گھوم کر اور وہاں پر ہاتھ لگا کر واپس آجاتا ہے مگر بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں کوئی بھی نہیں جاتا۔

جناب والا! بلوچستان کے حوالے سے اسلام آباد کی جو سوچ ہے اس سوچ کو change کرنا پڑے گا۔ میں سن رہا تھا میرے دوستوں نے یہاں پر point scoring کے لیے کافی تقریریں کیں، اپنے social media کے لیے کافی چیزیں کیں مگر کوئی تجاویز نہیں دیں کہ بلوچستان کا مسئلہ کیسے حل کیا جائے۔ بلوچستان کی محرومیاں کیا ہیں؟ کسی نے بھی اس پر توجہ نہیں دی۔ صدیقی صاحب میں آپ کو دعوت دیتا ہوں اور جتنے بھی ہمارے سینئر حضرات ہیں ان کو میں اپنے خرچے پر لے کر جاؤں گا، آپ بلوچستان میں تباہی دیکھیں گے۔ ہمیں کہا جاتا ہے اٹھارھویں ترمیم کے بعد صوبوں کو مالی خود مختاری دے گئی ہے۔ بلوچستان کا جو ترقیاتی بجٹ ہے وہ فیصل آباد شہر سے بھی کم ہے۔ میرے پنجاب کے دوستوں آپ کے علم میں ہے کہ بلوچستان کا ترقیاتی بجٹ فیصل آباد کے شہر سے بھی کم ہے۔ پورا صوبہ جو آدھا پاکستان ہے ایک سو ارب روپے سالانہ ترقیاتی بجٹ ہوتا ہے۔ مجھے بتائیں ایک سو ارب روپے میں آپ آدھے پاکستان کو ترقی دے سکیں گے؟ آپ اگر بلوچستان کی محرومیاں ختم نہیں کریں گے۔ اگر آپ بلوچستان کے لوگوں کو روزگار نہیں دیں گے تو آپ کیا توقع رکھتے ہیں کہ ہمارے دشمن ممالک کو موقع نہیں ملے گا؟ آپ ہاتھ سے دشمن ممالک کو وہاں پر لارہے ہیں تاکہ بلوچستان کی احساس محرومی بڑھے۔ بلوچستان کے لوگ جب پنجاب آتے ہیں اور یہاں پر اورنج ٹرین دیکھتے ہیں۔ یہاں پر موٹروے وفاق کے پیسوں پر بنے ہوئے ہیں مگر بلوچستان میں ایک بھی موٹروے نہیں ہے اور نہ وہاں پر Orage-line ہے۔ یہ پنجاب کے پیسے سے نہیں بلکہ وفاق کے پیسے سے بنا ہے۔ ہمارے صوبے کو آپ نہیں دے رہے ہیں۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ وہاں پر

چھ چھ سو کلومیٹر پر کوئی صحت کا مرکز نہیں ہے۔ چھوٹے چھوٹے ہسپتالوں میں لوگ مر رہے ہیں۔ جناب! بجلی کے بارے میں دیکھیں تو وہاں پر کتنی load shedding ہے، وہاں پر روزگار کے ذرائع نہیں ہیں۔ جناب، پھر وہاں اس طرح سے بدامنی تو ہو گی۔

بلوچستان کے لوگوں کو کہا جاتا ہے کہ بلوچستان کے لوگ چور ہیں۔ بلوچستان کے نواب اور سردار وہاں پر ترقی ہی نہیں چاہتے اور پیسہ ہڑپ کر جاتے ہیں۔ جناب اعلیٰ! ہمیں یہاں چار سال سے briefing دی جاتی رہی ہے کہ وفاق کا بہت بڑا بجٹ بلوچستان کے لیے مختص ہے اور بلوچستان میں National Highway Authority, NLC, FWO, housing کے ادارے جا کر کام کر رہے ہیں تو مجھے بتائیں وہ کام کہاں ہے؟ زمینی طور پر تو ہم نے آج تک نہیں دیکھا۔ آج تک وہ ایک سڑک جو کراچی کو کوئٹہ سے ملاتی ہے، جس کو ہم خونی شاہراہ کہتے ہیں، اس خونی شاہراہ نے، جتنی شہادتیں بلوچستان میں دہشت گردی سے ہوئی ہیں اس سے زیادہ لوگ اس خونی شاہراہ نے ہڑپ کر لیے ہیں۔ وہ آج تک complete نہیں ہو سکی اور میں تو حیران ہوں جناب احسن اقبال پر جب انہوں نے کہا کہ ہم نے بڑے funds رکھے ہیں۔ تو احسن اقبال صاحب! میں آپ کو challenge کرتا ہوں کہ آپ PSDP book دیکھیں، بلوچستان کے لیے آپ نے جتنے بھی funds رکھے ہیں ان کی allocation چار سے پانچ فیصد رکھی ہے اور یہ جو تمام منصوبے رکھے گئے ہیں ان کو complete ہونے کے لیے، صدیقی صاحب آپ حیران ہوں گے، ان کو بیس سے پچیس سال لگیں گے۔

یہاں پر کسی میں سنجیدگی نہیں ہے۔ بلوچستان کو اس کی قومی اسمبلی کی نشستوں کے حوالے سے دیکھا جاتا ہے۔ تو احسن اقبال صاحب بلوچستان کو کیوں funds دیں گے، وہ funds پنجاب کو دیں گے جہاں سے ان کو ووٹ مل سکیں۔ قومی اسمبلی کی total 342 seats میں سے صرف سولہ seats ہمارے بلوچستان کی ہیں، چار reserve seats ہیں۔ پورے بلوچستان کے بیس MNAs ہیں تو ہمیں پنجاب کے حکمران funds کیوں دیں گے۔ جناب! وہ نہیں دیں گے۔ بلوچستان کا یہ ایک بہت اہم مسئلہ ہے کہ ہماری نمائندگی National Assembly میں نہیں ہے اور اگر آپ ایوان بالا میں برابری کی بات کرتے ہیں تو ایوان بالا کی حیثیت آپ نے خود دیکھی ہے کہ جب ہم نے بجٹ میں تجاویز دیں تو ہماری تجاویز ردی کی ٹوکری میں پھینک دی گئیں۔ آپ جتنے

بھی سینیٹرز یہاں موجود ہیں، آپ قسم کھا کر کہیں کہ کیا آپ کی ایک بھی تجویز کو مانا گیا۔ جناب! تجاویز نہیں مانی گئیں۔

تو جناب، بلوچستان کے حوالے سے آپ کو سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا پڑے گا۔ یہ میری تجویز ہے کہ اگر آپ نے بلوچستان کو ٹھنڈا کرنا ہے اور بلوچستان کے لوگوں کے ساتھ آپ نے اپنی سنجیدگی کا اظہار کرنا ہے تو تمام صوبوں کو مل کر بیٹھنا ہوگا اور پنجاب کو بڑے بھائی کا کردار ادا کرنا ہوگا اور اس کو خود ہی کہنا ہوگا کہ وفاقی بجٹ کا پچاس فیصد کم از کم پانچ سال تک بلوچستان پر خرچ کیا جائے تاکہ بلوچستان دوسرے صوبوں کے برابر تو نہیں آسکتا لیکن کم از کم ہم یہ تو کہہ سکیں کہ وہاں پر بھی تھوڑا بہت کام ہوا ہے۔ وہاں universities بنیں، سڑکیں بنیں اور ہسپتال بنیں۔ جناب، میں منافقت سے کام نہیں لوں گا، میں حلفیہ قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ایسے لوگوں اور studentsسے ملا ہوں جو یہاں پنجاب visit کرنے آئے تھے اور جب انہوں نے یہاں کی universities, یہاں کی roads,یہاں کیOrange-train اور یہاں کی motorways دیکھیں تو وہ نفسیاتی مریض بن گئے کہ ایک ہی ملک میں یہ کیساsystem ہے کہ ایک صوبے کو تو نوازا جارہا ہے اور جناب، دوسروں کے ساتھ یہ ظلم ہو رہا ہے۔

خدارا، بلوچ ایک خود دار قوم ہے ۔ بلوچوں نے ہمیشہ اپنی دھرتی سے محبت کی ہے۔ وہ پاکستان سے محبت کرتے ہیں۔ وہ ہمیشہ پاکستان کے لیے جان بھی دیں گے۔ آپ دیکھیں کہ بلوچستان کے بلوچ اور پشتونوں نے آپ کے دو اہم ممالک کے ساتھ جو سرحدیں ملتی ہے، وہ ان کی حفاظت کرتے ہیں۔ وہ وہاں ہمارے بغیر تنخواہ کے سپاہی ہیں لیکن وہ ایسا کبھی بھی نہیں سوچتے۔ آپ سوچیں کہ اگر وہ ان سرحدوں کی حفاظت نہ کرتے تو ان ممالک کی در اندازی بہت بڑھ جاتی۔ جناب! میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ بلوچستان کے لوگ عزت پر مرتے ہیں۔ اگر آپ ان سے عزت سے بات کریں گے تو آپ ان کا سر بھی کاٹیں گے تو وہ آپ سے اُف بھی نہیں کریں گے مگر وہ کسی زور زبردستی کو نہیں مانتے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں بلوچوں اور بلوچستان کے دیگر لوگوں کے ساتھ پیار محبت کے ساتھ پیش آنا چاہیے اور ان کے جو بھی ترقیاتی مسائل ہیں، ہمیں ان کی دہلیز پر جا کر ان کو حل کرنا چاہیے۔ اگر ہم ایسا کریں تو ہم دیکھیں گے کہ وہاں پر insurgency اور اس قسم کے جو دوسرے واقعات ہیں، وہ بھی نہیں ہوں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بہت شکریہ۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب، آج مجھے بولنے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، اس پر اور لوگوں نے بھی بولنا ہے۔ دنیش کمار صاحب، آپ نے دس منٹ لے لیے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب، دس منٹ! میں تو son of the soil ہوں، بلوچستان کا بیٹا ہوں۔ میں تو حیران ہوں کہ اگر آپ مجھے بھی نہیں بولنے دیں گے تو پھر کسے بولنے دیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ دس منٹ بول چکے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب، یہی تو میں آپ کو کہہ رہا ہوں کہ میں سنجیدگی سے دو تین تجاویز دینا چاہتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی آپ دیں۔

سینیٹر دنیش کمار: ایک تو میری سب سے priority والی تجویز یہ ہے کہ پاکستان کے وفاق کا آدھا بجٹ اگلے پانچ سالوں تک بلوچستان کے لیے مختص کیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ تو آپ دے چکے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: کہاں دے چکے ہیں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ ابھی دی ہے آپ نے۔

سینیٹر دنیش کمار: نہیں، یہ تو میں نے ابھی تجویز دی ہے۔ آپ کہیں نا، آپ ruling دیں اس پر کہ ایسا ہونا چاہیے۔ آپ ruling دیں کہ یہ ہونا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دنیش کمار صاحب! اگر میری ruling سے یہ سارے مسائل حل ہو جائیں تو میں یہ سارے مسائل آج ہی حل کر کے اٹھوں۔

سینیٹر دنیش کمار: ٹھیک ہے جناب! دوسرا یہ تو آپ کر سکتے ہیں کہ ہم یہاں پر House of the Federation کا جو اجلاس بلوچستان کے مسائل پر کر رہے ہیں، یہی ہم کوئٹہ میں جا کر کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ ایک اچھی تجویز ہے۔

سینیٹر دنیش کمار: ہم وہاں کے MPAs سے ملیں، وہاں کے local لوگوں سے ملیں اور ان سے بات چیت کریں تاکہ ہم ایک page پر آ سکیں۔ میں یہ کہتا ہوں کہ اس اجلاس میں تمام stakeholders کو موجود ہونا چاہیے۔ جیسے ہم یہاں آ کر بیٹھتے ہیں اور یہاں bureaucracy موجود ہوتی ہے، اُسی طرح وہاں پر bureaucracy بھی ہونی چاہیے، establishment بھی ہونی چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ ایک اچھی تجویز ہے اور حکومت نے نوٹ بھی کر لی ہے۔ اس پر action لے لیتے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب میں آپ سے تیسری بات کرنا چاہتا ہوں کہ اسلام آباد کی bureaucracy میں بلوچستان کا حصہ بڑھایا جائے۔ ابھی بھی آپ دیکھیں گے کہ اگر یہاں secretary level کے پچاس ساٹھ افسران ہیں تو ان میں بلوچستان کے افسران آپ کو دوربین سے دیکھنے پر بھی نہیں ملیں گے۔ وہ دوربین سے بھی دکھائی نہیں دیں گے۔ جناب! جب ایسا ظلم ہوگا تو پھر کیا ہوگا۔ جناب، آپ اس پر بھی ruling دیں کہ بلوچستان کو اس کے رقبہ کے لحاظ سے اس کا حصہ ملنا چاہیے۔ جب ہم کہتے ہیں کہ قومی اسمبلی میں بلوچستان کی seats بڑھائی جائیں تو کم از کم یہ تو کیا جائے کہ بلوچستان میں ایک ضلع کی ایک seat ہونی چاہیے۔ کیا آپ کو پتا ہے کہ بلوچستان کا ایک حلقہ ایسا بھی ہے جس کا رقبہ پورے صوبہ خیبر پختونخوا کے برابر ہے لیکن اس کی صرف ایک seat ہے۔ تو وہاں پر کیسے کام ہوگا۔ جب ہم seats کی بات لے کر آتے ہیں تو اس پر بھی اعتراض ہوتا ہے کہ دوسرے صوبوں کی بھی بڑھائی جائیں۔ جناب! بلوچستان کے مسائل کو priority دیں۔

میں ایک بات آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ اس وقت بھی بلوچستان کے بہت سے علاقوں میں بجلی کی اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے کی loadshedding ہوتی ہے مگر اس پر بھی کہا جاتا ہے ہم نے ایران سے مکران کے لیے بجلی لی ہے۔ جناب! وہاں سے 20 mega watt بجلی آرہی ہے۔ اب ایران کہتا ہے کہ ہمیں پیسے نہیں مل رہے ہیں۔ آپ جب کشمیر کو سستی بجلی دے رہے ہیں تو پھر بلوچستان کو کبھی آپ سستی بجلی دیں تاکہ وہاں کے لوگوں کو بھی relief ملے اور وہ سمجھ سکیں کہ صدیقی صاحب کی طرف سے بھی وہاں پر ایک پیغام جانا چاہیے کہ اسلام آباد کے لوگ بلوچستان کے لوگوں کے دل کی دھڑکنوں کے ساتھ ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ مجھے ابھی موقع نہیں دے رہے، میں نے تو لمبی

چوڑی list بنائی ہوئی ہے۔ جناب! میں تقریباً ایک گھنٹے تک بلوچستان کے حوالے سے بات کر سکتا ہوں۔ خدارا جب بھی بلوچستان کے مظلوم عوام کے مسائل کا ذکر آتا ہے تو ہم اپنے دوسرے issues لے کر ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنا شروع کر دیتے ہیں۔ پلیز، اس پر سنجیدگی کا مظاہرہ کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ دنیش کمار صاحب۔ ابڑو صاحب ایک سیکنڈ آپ مجھے اجازت دیں۔ ہمارے دو ممبران ایسے ہیں جو رہ گئے ہیں اور اس issue پر تقریر نہیں کر سکے۔ ایک سینیٹر پونجو بھیل صاحب ہیں، میں ان کو ابھی floor دے رہا ہوں اور ہمارے PTI کے جو۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کر چکے ہیں، پارلیمانی لیڈر ہیں، وہ دو رہ گئے ہیں۔ تو ابھی پونجو صاحب آپ بولیں۔

**Senator Poonjo**

سینیٹر پونجو: جناب! آپ کی بڑی مہربانی۔ میں آج بلوچستان کے حوالے سے 25 اور 26 اگست کو جو واقعات ہوئے ہیں، میں سب سے پہلے ان پر بات کرنا چاہوں گا، ان واقعات میں شہادتیں ہوئی ہیں اور جن لوگوں کی ہلاکتیں ہوئی ہیں، میں ان سب کے خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں کیونکہ وہ پاکستان کے باشندے تھے جو بے قصور مارے گئے، میں ان سے دلی تعزیت کرتا ہوں۔

جناب! دہشت گردی کے حوالے سے بات ہو رہی ہے، دہشت گردی کب شروع ہوئی اور کس طرح شروع ہوئی، وہ دہشت گردی بڑھتی بڑھتی اس حد تک پہنچی ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ دہشت گردی اس دن سے شروع ہوئی تھی، شہید ذوالفقار علی بھٹو پہلے elected وزیراعظم تھے، ان کو ایک جھوٹے case میں جیل میں رکھا گیا۔ جناب! دہشت گردی اس دن سے شروع ہو گئی تھی جب judiciary کے جج صاحبان نے کسی کے فون پر شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دے دی۔ دہشت گردی اس دن سے شروع ہو گئی تھی جب سندھ کے لوگوں کے ساتھ MRD کی تحریک میں ہزاروں کوڑے مارے گئے، پھٹکے مارے گئے، انہوں نے اپنی جانوں کے نذرانے دیے۔ سندھ اور بلوچستان کے بہت سارے لوگوں کی چیچری ہوئی لاشیں پھینکی گئیں۔ جناب! دہشت گردی اس دن سے شروع ہو گئی تھی جب سے سندھ کا پانی چوری کیا گیا تھا، دہشت گردی اس دن سے شروع ہو گئی تھی جب ہمارے حقوق پر ڈاکا ڈالا گیا تھا۔ دہشت گردی اس دن سے شروع ہوئی جب غیر جمہوری

طریقے سے حکومتیں بنائی گئیں، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ جب پاکستان میں آئیں تو آپ نے دیکھا کہ پاکستان کے سارے عوام نے ان کا ساتھ دیا تو ان کو شہید کر دیا گیا، یہ دہشت گردی 27 دسمبر سے شروع ہوئی تھی۔ شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی سے شروع ہوئی تھی اور عوام کے حقوق کھانے کی وجہ سے ہوئی تھی۔

جناب! میں آج یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان کا issue ہے اور بلوچستان کے لوگ ناراض کیوں ہیں۔ میرے دوست دنیش نے بات کی، یہ roads پر ہیں اور ہم roads پر کیوں نہیں جا سکتے؟ یہ ناراض ہیں تو کس وجہ سے ناراض ہیں، ان کی ناراضی کس وجہ سے ہے جو آج ہم ناراض اور خفا بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ پتا بھی نہیں لگتا کہ یہ جو لاشیں گر رہی ہیں، یہ لاشیں کون گرا رہا ہے؟ امن و امان کی صورت حال خراب ہے، اس کا کون ذمہ دار ہے، اگر وہ لوگ ہیں جو ریاست کے خلاف ہیں تو ریاست کو اپنا مضبوط کردار ادا کرنا چاہیے۔ ہماری اگر غلطیاں ہیں تو جناب آصف علی زرداری صاحب نے کوئی قصور نہیں کیا تھا، انہوں نے ایسا کوئی کام نہیں کیا تھا کہ انہوں نے معافی مانگی تھی لیکن انہوں نے کہا کہ میں بلوچ ہوں اور بلوچوں سے وعدہ کرتا ہوں۔ انہوں اس زمانے میں معافی مانگی تھی او رانہوں نے بلوچ حقوق کا آغاز کیا تھا۔ تمام political parties او رتمام وہ لوگ جو ناراض ہیں، ان کی ناراضی کی وجوہات کیا ہیں۔ آپ دیکھیں کہ پورے پاکستان میں جو صورت حال ہے، ملک میں ایک anarchy پھیلی ہوئی ہے اور ایسے بہت سارے واقعات ہو چکے ہیں۔ ہم بھگت رہے ہیں، اس سے پہلے سندھ نے بہت بھگتا، یہ لوگ کہہ رہے ہیں کہ border سے صرف دو صوبے لگتے ہیں۔ میں بتانا چاہتا ہوں کہ سندھ کا جو نزدیکی border ہے جب اس علاقے میں جنگ لگی تھی تو شہید ذوالفقار علی بھٹو نے وہاں سے 99000 لوگوں کو آزادی دلوائی تھی۔ بہت سارا علاقہ India کے قبضے میں تھا لیکن شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو نے بات کی اور وہ علاقہ واپس دلوایا اور سندھ کی ساری history آج بھی آپ کے سامنے ہے۔

جناب! بلوچستان کا issue ہے، یہ سنجیدہ issue ہے، ہم چاہتے ہیں اور آپ دیکھیں کہ ہم لوگ سب سے زیادہ victimise ہوئے ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی سیاسی جماعت ہے جس کے لوگوں نے قربانیاں دیں۔ گڑھی خدا بخش میں گنبد ہے جس کے نیچے بہت سارے شہید مدفون ہیں، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ وہاں دفن ہے، شہید شاہ نواز بھٹو وہاں پر دفن ہے، میر مرتضٰی بھٹو

وہاں پر دفن ہے اور یہ سب شہید کئے گئے، پاکستان کو مضبوط کرنے اور پاکستان کو طاقت دینے کے لیے ۔ جناب! آپ نے دیکھا کہ مشرف کے زمانے میں غیر آئینی اور غیر جمہوری ایک مارشل لا تھا۔ اس مارشل لا میں پاکستان پیپلز پارٹی سے نشان چھیننے کی کوشش کی گئی جب انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی تنظیم کو ختم کرنے کی کوشش کی تو پاکستان پیپلز پارٹی نے Parliamentarians Group بنایا لیکن وہ roads پر نہیں آئے، انہوں نے احتجاج نہیں کیا، انہوں نے ریاست کے خلاف نعرے نہیں لگائے لیکن انہوں نے یہ کہا کہ ہم یہ بتاتے ہیں کہ ہمارا constitutional کیا right ہے۔ انہوں نے اپنی پارٹی کو مضبوط کیا اور ہم نے پاکستان پیپلز پارٹی Parliamentarians Group بنا کر elections لڑے۔ ہم elections جیتے ہوئے تھے، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ تھیں لیکن ہمیں وہ حکمرانی نہیں ملی۔ ہم نے anarchy نہیں پھیلائی، ہم نے پاکستان کے خلاف نعرہ نہیں لگایا، ہم نے ملک کے خلاف سازشیں نہیں کیں، ہم نے اپنی لاشیں اٹھاتے رہے اور کہتے رہے کہ پاکستان کھپے۔ اس زمانے میں شہید محترمہ بے نظیر بھٹو، سنجیدہ قیادت آصف علی زرداری اور ادی فریال تالپور نے مل کر کہا کہ ہمیں یہ پاکستان پیپلز پارٹی کے نشان پر elections نہیں لڑنے دیتے تو انہوں نے یہ محسوس کیا اور انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی Parliamentarians group بنا کر elections لڑے لیکن ہم نے ملک کے خلاف نعرہ نہیں لگایا۔

جناب! بہت ساری ایسی پارٹیاں ہیں، آپ نے دیکھا کہ جنہوں نے 9 مئی کا واقعہ کیا اور آپ اس کو بہتر سمجھتے ہیں۔ ہم آج بھی کہہ رہے ہیں کہ ان سے مذاکرات کئے جائیں جن لوگوں نے پاکستان کے خلاف سازش کی، انہیں سرعام سزا دی جائے۔ ہم اپنی لاشیں اس وجہ سے اٹھا چکے ہیں، ہم پاکستان پیپلز پارٹی کے لوگ آج بھی بے قصور مارے گئے لیکن ہم نے ملک کے خلاف بغاوت نہیں کی۔ آئیں، پاکستان، بلوچستان اور تمام صوبوں کا سنجیدہ سیاسی حل نکالیں۔ آپ کی بڑی مہربانی، میں ایک بار آپ کا شکر گزار ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا شکریہ۔ سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ۔

## <u>Senator Khalida Ateeb</u>

سینیٹر خالدہ اطیب: آپ کا شکریہ کہ آپ نے اس سلگتے ہوئے موضوع پر بات کرنے کا موقع دیا۔ جناب! تمام colleagues بلوچستان کے موضوع پر بات کر چکے ہیں اور انہوں نے تقریباً تمام چیزوں کی نشان دہی کی۔ یقیناً جو لوگ اس صوبے سے تعلق رکھتے ہیں، وہ زیادہ بہتر طور پر اس situation کا اندازہ بھی کر سکتے ہیں اور ان حالات اور واقعات سے واقف ہونے کی وجہ سے زیادہ بہتر انداز میں اس ایوان میں اپنی بات کر سکتے ہیں۔ جناب! میرا mic کھلوائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اپنی seat پر ہیں؟

Senator Khalida Ateeb: Sir, sorry.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں، آپ اپنی seat پر آ جائیں۔

سینیٹر خالدہ اطیب: میں اپنی seat پر آ گئی ہوں، واقعی میں اپنی seat پر نہیں تھی۔ آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے موقع دیا کہ میں بلوچستان کے موضوع پر بات کروں۔ اس سے پہلے میرے تمام colleagues بلوچستان کے موضوع پر بات کر چکے ہیں اور زیادہ بہتر انداز میں وہی بات بیان کر سکتا ہے، جس علاقے سے اس کا تعلق ہوتا ہے۔ بحیثیت ایک پاکستانی ہم بھی اس درد کو اتنا ہی محسوس کر رہے ہیں کیونکہ جو واقعہ وہاں پر پیش آیا، اس کا پس منظر کیا تھا اور اس کے عوامل کیا تھے، ان پر ہم سب لوگوں کو بحیثیت پاکستانی غور کرنے ضرورت ہے۔ ہمیں اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ ایسے واقعات کیوں دہرائے جا رہے ہیں۔

جناب! ایسا ہی ایک واقعہ کراچی میں ہوا اور شناختی کارڈ دیکھ کر لوگوں کو مارا گیا، بلوچستان میں قومیت کی بنیاد پر ہوا جبکہ کراچی میں وہی چیز مسلک کی بنیاد پر ہوئی تھی لیکن کسی قسم کی کوئی پیش بندی نہیں کی گئی۔ چیزوں کو نظرانداز کرنا، شتر مرغ کی طرح گردن کو ریت میں دبا کر یہ سوچ لینا کہ طوفان ٹل جائے گا، یہ صحیح چیز نہیں ہے۔ ہم ایک مرتبہ ایک حادثہ بھگت چکے ہیں، پاکستان دولخت ہو چکا ہے، صرف اسی وجہ سے ہوا کہ جب ہم نے لوگوں کو ان کے حقوق نہیں دیے۔ بلوچستان میں یہ جو واقعہ ہوا، وہ سراسر ان کے اندر کی ایک سلگتی ہوئی آگ تھی جو آتش فشاں بن کر پھٹی۔ ہمیں اس بات کی ضرورت ہے کہ جن لوگوں کو شکایتیں ہیں جن قومیتوں کا consensus ہے، ان سب لوگوں کو ایک جگہ پر بیٹھنا چاہیے۔ ان سے متعلق تمام پارٹیوں کے سربراہوں اور حکومت کے لوگوں کو ایک

جگہ پر بیٹھنا چاہیے کیونکہ جب مشرقی پاکستان کا واقعہ ہوا، آپ دیکھیں کہ اس وقت بھی اسی طرح کے حالات تھے۔ میں اس موقع پر ایک شعر پڑھوں گی کہ؛

وقت کرتا ہے پرورش برسوں

حادثہ ایک دم نہیں ہوتا

جناب! کچھ چیزیں اندر ہی اندر پلتی رہتی ہیں جو کسی ایک واقعے کی صورت میں سامنے آتی ہیں اور ہم کسی دوسرے واقعے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ بحیثیت پاکستانی اگر ہمیں پاکستان کو بچانا ہے تو ہمیں ان سب کو ان کے حقوق دینے ہوں گے، ہمیں بلوچستان کے ساتھ ساتھ سندھ پر بھی نظر ڈالنی ہو گی اور سندھ کے ساتھ ساتھ ہمیں کراچی کے لوگوں کے حقوق کی بھی بات کرنی ہو گی۔ کراچی کے لوگ جس کسمپرسی کے عالم میں رہے ہیں، نہ پینے کے لیے صاف پانی ہے اور نہ سیوریج کا system صحیح ہے، نہ ان کو زندگی کی بنیادی سہولیات میسر ہیں، ٹوٹی ہوئی سڑکیں ہیں اور سونے پر سوہاگے کا کام ان بارشوں نے کیا۔ وزیر اعلیٰ صاحب اور میئر کراچی دورے پر نکلتے ہیں اور کہتے ہیں سب ٹریفک معمول کے مطابق پر چل رہی ہے اور سب حالات صحیح ہیں، وہاں کے لوگوں سے جا کر پوچھیں، دیکھیں وہاں کے لوگ کس طرح سے survive کر رہے ہیں۔ اگر اسی طرح یہی حق تلفیاں ہوتی رہیں تو سانحات پر سانحات جنم لیتے رہیں گے اور میں بار بار آپ سے کہہ رہی ہوں کہ ہم کسی دوسرے سانحے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ کراچی کے لوگ حکومت کی طرف بھی دیکھ رہے ہیں لیکن کراچی کے لوگ خود اختیاری کی طرف بھی جا رہے ہیں۔ دیکھیئے جب کسی بھی واقعہ پر احتجاج کیا جاتا ہے تو احتجاج کا اگلا قدم بغاوت ہوتا ہے اور بغاوت کا اگلا قدم انقلاب ہوتا ہے۔ ہمیں بچنا چاہیے کسی انقلاب سے، کسی ایسی چیز سے بچنا چاہیے جو پاکستان کی جڑوں کو کھوکھلا کر دے۔ ہمیں پاکستان کی حفاظت کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

ابھی میرے بھائی سینیٹر دنیش کمار نے یہ بات کہی کہ میں son of soil ہوں، ہمیں تو کسی نے son of soil ہی نہیں سمجھا، ہم مہاجروں کو کسی نے اس لائق ہی نہیں سمجھا کہ ہمیں یہ کہا جائے کہ یہ son of soil ہیں۔ ہمیں تو ہر ہر مقام پر ہر موقع پر نظر انداز کیا گیا۔ وفاق کو 70 فیصد ریونیو دینے والا صوبہ، میں صوبے کی بات نہیں کر رہی، ستر فیصد وفاق کو ریونیو دینے والا شہر کراچی اور پچانوے فیصد صوبے کو دینے والا شہر، آج کس حالت میں ہے، کھنڈر بنا ہوا ہے۔ یاد

رکھیے جب حقوق نہیں دیے جاتے تو پھر عوام گھروں سے نکلتی ہے اور جب عوام گھروں سے نکلتی ہے تو نتائج بہت بُرے ہوتے ہیں۔ ہمیں پاکستان سے محبت ہے، ہم پاکستانی ہیں۔ ہم دل وجان سے پاکستانی ہیں کیونکہ انسان اس چیز سے محبت کرتا جس کے بنانے میں اُس کا کردار ہو، یہ پاکستان ہم نے بنایا، یہ پاکستان ہماری قربانیوں سے حاصل ہوا۔ اس کے لیے جتنا درد ہم رکھتے ہیں شاید کسی اور دوسری قومیت کے دل میں نہ ہو لیکن ہمارے ساتھ جو سوتیلی ماؤں والا سلوک ہو رہا ہے۔ کراچی کے باشندوں کے ساتھ جو سوتیلی ماؤں والا سلوک ہو رہا ہے، جناب چیئرمین! یہ کسی حادثے کا پیش خیمہ بن سکتا ہے۔ میں پھر کہہ رہی ہوں کہ کراچی کے لوگوں کو ان کے حقوق دیجئے۔ ان کے development پر کام کیجئے، وہ جتنا revenue دیتے ہیں، سینیٹر دنیش کمار نے ابھی کہا کہ ہمیں بجٹ کا 50% development کے لیے دیا جائے۔ کراچی کو کتنا دیا جاتا ہے جو ستر فیصد وفاق کو دیتا ہے، جناب چیئرمین! کراچی کو 4% دیا جاتا ہے جو آٹے میں نمک تو نہیں میرے خیال میں ایک چٹکی کے برابر ہے۔ یہ کیا طریقہ ہے، کب تک عوام چپ رہیں گے؟ کب تک اپنے حقوق پر سودا بازی کرتے رہیں گے؟ اب وقت گزر چکا پانی سر سے گزر چکا۔ اب فیصلے کا وقت آنے والا ہے۔

اب وہاں پر لوگ بجلی کے بلوں کی وجہ سے اپنے گھروں کے برتن بیچ رہے ہیں۔ لوگوں نے اپنے بچوں کو سکولوں سے اُٹھا لیا ہے، وہاں پر بے روزگاری عام ہے۔ جناب چیئرمین! آپ بتائیے، آپ جس جگہ پر تشریف فرما ہیں آپ کی ذمہ داری بنتی ہے کہ آپ through this forum حکومت سے یہ مطالبہ کریں کہ جن لوگوں کے حقوق پر کوئی بھی ناگ بن کر بیٹھا ہوا ہے، جن کے حقوق غضب کیے جا رہے ہیں، خدارا ان کے حقوق دیجئے، خدارا ان کے ساتھ انصاف کیجئے۔ خدارا ان کے معاملات میں سنجیدگی اختیار کیجئے ورنہ پانی اگر سر سے گزر گیا تو خاکم بدہن ہم کسی دوسرے حادثے کے لیے تیار رہیں۔ شکریہ جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر نسیمہ احسان صاحبہ۔

**Senator Naseema Ehsan**

سینیٹر نسیمہ احسان: جی یہی کہنا چاہ رہی تھی کہ نسیمہ احسان۔ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی)۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں آپ کا شکریہ ادا کرنا

چاہوں گی کہ آپ نے مجھے اس اہم مسئلے پر بلوچستان کا جو اہم مسئلہ ہے اس پر بولنے کی اجازت دی ہے اور بولنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ جناب چیئرمین! میں شعر سے شروع کروں گی:

یارب نہ وہ سمجھیں گے، نہ سمجھیں گے میری بات
دے اور دل ان کو جو نہ دے مجھ کو زبان اور

جناب والا! صدیوں پہلے مرزا غالبؒ نے میرے خیال میں بلوچستان کے لوگوں کے لیے لکھا تھا۔ جناب! پہلے میں اگر سیلاب کے حوالے سے بولوں تو حالیہ سیلاب سے بلوچستان میں جو مالی نقصانات ہوئے ہیں، حکومت کی جانب سے امداد مل رہی ہے لیکن وہ ناکافی ہے۔ جناب والا، اگر ہم میں سے اس ایوان میں جو صحیح بات کرتا ہے تو اس ایوان کو یا سمجھ لیں اسلام آباد کو ہماری بات نہیں سمجھ آتی ہے۔ میں نے یہ شعر پڑھا کہ ہمیں یہاں کوئی سمجھ نہیں سکتا یا ہم اس طرح بول نہیں سکتے جس طرح آپ سمجھنا چاہتے ہیں۔

جناب والا! میری بہن سینیٹر صاحبہ نے بھی بلوچستان کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔، سینیٹر دنیش کمار صاحب نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا، تو میں یہی کہنا چاہوں گی کہ بلوچستان میں اس وقت جو آگ لگی ہوئی ہے، ہمیں صحیح سمجھ نہیں آتی ہے کہ جو حقیقی سیاسی لوگ ہیں انہیں دیوار سے لگایا گیا ہے اور جو dialogue کے نام پر بلوچستان کے حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے جو سیاسی داؤ لگانے کے لیے بیٹھے ہیں اور nationalist کا لبادہ اوڑھے ہوئے ہیں، ہمیں ان لوگوں سے ہوشیار ہونا چاہیے۔ آپ کے علم میں ہے کہ جس طرح پچھلے ادوار میں ایک بار یہ کہہ کر حکومت بنائی گئی تھی کہ آج حق دار نے اقتدار پر فاتح حاصل کر لی، آپ کو یاد ہوگا اور جس کا نتیجہ کیا نکلا؟

جناب! اجتماعی مسخ شدہ لاشیں، ایک قبر سے چھ چھ سو مسخ شدہ لاشیں برآمد ہوئیں جس سے بلوچستان کے نوجوان بلوچوں میں ایک تشویش کی لہر دوڑ اٹھی تھی اور وہ ہے۔ اس حکومت میں جس کے بارے میں میں کہہ رہی ہوں کہ چھ چھ سو لاشیں ایک قبر سے نکلی تھیں۔ جناب! کرپشن کا یہ عالم تھا کہ الحفیظ الامان ایک سیکرٹری کے گھر سے اربوں روپے اور لاکھوں کروڑوں ڈالر برآمد ہوئے۔ اسے گنتے گنتے بینکوں کے عملے کے ہاتھ تھک گئے تھے، بینکوں سے مشینیں منگوائی گئیں تھیں، ایک سیکرٹری کے گھر سے۔ جناب! اس طرح کے بہت سارے cases ہوئے ہیں۔

جناب! مذاکرات اور امن کے نام پر بلوچ عوام کا مزید استحصال، یہ بھی عوام کو منظور نہیں ہے۔ بڑے افسوس کے ساتھ مجھے دکھ ہو رہا ہے کہ اس اہم مسئلے پر، سلگتے ہوئے بلوچستان کے حوالے سے اس ایوان کی دلچسپی کا یہ عالم جو ہم دیکھ رہے ہیں، پوری دنیا دیکھ رہی ہے، یہ دلچسپی ہم بھی دیکھ رہے ہیں کیونکہ یہ بلوچستان کا مسئلہ ہے۔ بلوچستان کے حالات پر چپ رہنے والے خوش ہیں کہ بلوچستان میں آگ لگی ہے اور ہم اس آگ سے بچے ہوئے ہیں لیکن جناب یہ ان کی غلط فہمی ہے کیونکہ بلوچستان بھی ریاست کا حصہ ہے اور بلوچ اتنے ہی محب وطن پاکستانی ہیں جتنے باقی سب ہیں۔

جناب چیئرمین! میری بہن سینیٹر صاحبہ نے کہا کہ ہم نے اس پاکستان کے لیے قربانیاں دی ہیں اور انہوں نے بالکل درست فرمایا، ان کے بڑے بزرگوں نے پاکستان کے لیے قربانیاں دی ہیں لیکن جناب ہم نے اپنا پورا کا پورا بلوچستان اٹھا کر پاکستان کو دے دیا ہے اور ہمیں غدار کہا جاتا ہے اور باقی لوگوں کو محب وطن۔ آئین میں بلوچستان والوں کی بھی وہی حیثیت ہے جو باقی صوبے کے لوگوں کی ہے۔

جناب والا! یہ کشت و خون یہ سب کچھ، اس بابت میری آپ سے گزارش ہے کہ آئیں بیٹھیں جو حقیقی نمائندے ہیں، جو حقیقی سیاسی لوگ ہیں ان کے ساتھ مل بیٹھ کر بات کریں، dialogue کریں، کیسے نہیں ہو سکتا؟ آپ دیکھیں جناب کہ پاکستان میں TTP والوں کو بلا کر ہم بات کر سکتے ہیں تو بلوچستان کے بلوچوں سے ہم کیوں بات نہیں کر سکتے ہیں۔ وہ بھی انسان ہیں، وہ بھی چاہتے ہیں اور وہ بھی محب وطن پاکستانی ہیں۔ پڑھے لکھے intellectual لوگ ہیں۔ یہ جو پہاڑوں پر ہیں ان میں ڈاکٹر، انجینئر اور وکلاء ہیں۔ آپ انہیں بلائیں، اپنے ساتھ بٹھائیں، جو حقیقی نمائندے ہیں انہیں آپ دیوار کے ساتھ لگا دیتے ہیں تو پھر آپ کس سے بیٹھ کر بات کریں گے۔

جناب والا! میری آپ سے ایک humble request ہے کہ جو صحیح سیاسی نمائندے ہیں ان کے ساتھ مل بیٹھ کر بات کریں۔ دیکھیں اگر میں کہوں کہ یہ مسائل فوراً حل ہو جائیں گے اس طرح بھی نہیں ہے لیکن dialogue کے ذریعے سے حل ہو سکتے ہیں۔ میں آخر میں ایک شعر کہنا چاہوں گی؛

غارت گری یہ اہل ستم گر بھی کوئی دیکھے
گلشن میں کوئی پھول، نہ غنچہ، نہ کلی ہے
اک برقِ بلا کوند گئی سارے چمن پر
تم خوش کہ مری شاخ نشیمن ہی جلی ہے

جناب والا! اس شعر کے ساتھ ہی میں اجازت لینا چاہوں گی لیکن بہت ہی آزردہ دل کے ساتھ کیونکہ میں خود بلوچستان سے ہوں اور میں اس علاقے سے ہوں، میرا گھر گوادر میں ہے، اگر میں اوپر اپنے گھر جاتی ہوں تو جناب securityکے کتنے بندے ہوتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ کارڈ دکھائیں۔ جناب چیئرمین، میرا گھر وہاں ہے، وہ میرے ساتھ یہ کرتے ہیں تو باقی لوگوں کا کیا حشر ہوتا ہوگا۔ باقی لوگوں کو کیا اہمیت دیتے ہیں، ہم جو اس Upper House کے رکن ہیں ہمارے ساتھ بھی یہ ہوتا ہے کہ اپنے کارڈ دکھائیں۔ جناب والا! خدارا بلوچستان آپ کا ہے، بلوچستان ہمارا ہے۔ بلوچستان ہے تو پاکستان ہے، پاکستان ہے تو بلوچستان ہے۔ آپ پاکستان کو بچائیں گے بلوچستان کے ساتھ۔ اللہ تبارک تعالیٰ بلوچستان اور پاکستان کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر نسیمہ احسان صاحبہ، آپ کی تقریر اتنی عمدہ اردو میں ہے۔ خالدہ اطیب صاحبہ کی بات تو سمجھ میں آتی ہے کہ وہ کراچی سے ہیں اور اہل زبان ہیں لیکن آپ نے اتنی اچھی اردو کہاں سے سیکھی ہے؟

سینیٹر نسیمہ احسان: جناب والا! میں کراچی میں پیدا ہوئی ہوں، وہیں سے پڑھی ہوں، مجھے الحمدللہ فارسی بھی آتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس کا مطلب ہے کہ آپ کی اردو میں کراچی کا رنگ ہے۔

سینیٹر نسیمہ احسان: جی جناب۔ بڑی مہربانی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ ابڑو صاحب میری التماس یہ ہے کہ آپ صرف ایک منٹ لیں، اچھا چلیں دو منٹ لے لیں لیکن اس کے ساتھ میری ایک شرط ہے۔ یہ جتنا peaceful session ہو چکا ہے اس میں کوئی چنگاری نہ پھینکیے گا۔ بس میری یہ گزارش ہے، باقی آپ پر ہے۔

**Senator Saifullah Abro**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جی جناب میں کوشش کروں گا۔ چنگاری ابھی بجھی نہیں ہے، انگارے ابھی پڑے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وہ بجھ چکی ہے، کوئی اور بات کرنی ہے تو کریں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ ہمیں کبھی بھی ذاتیات پر آنا ہی نہیں چاہیے، آپ نے اسے زبردست طریقے سے conclude کیا۔ ذیشان صاحب نے کوئی ایسی بات نہیں کہی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہمارا issue ہی نہیں ہے، یہ issue کسی اور ملک کا ہے۔ اس آکسفورڈ یونیورسٹی کا مسئلہ ہے، وہ election conduct کروائیں گے، نہ ہم وہاں پر ووٹر ہیں نہ کوئی کچھ اور ہیں، ہمارا اس وقت کو مسئلے میں جو کردار اور تنقید ہے وہ ایسا ہے جیسے کہ بے گانی شادی میں عبداللہ دیوانہ۔ ایسی بات ہونی ہی نہیں چاہیے، بجائے اس کے کہ ہم اسے ذاتیات میں لے جائیں وہ اچھا نہیں لگتا ہے۔ ہم تو پہلے بھی کہتے آئے ہیں اگر کسی کو تسلی نہیں ہوتی ہے تو یقین کریں میں تو یہ کہتا ہوں کہ چلیے اگر آپ کو عمران خان صاحب سے تکلیف ہے تو آپ میاں صاحب کو بھی وہاں پر الیکشن لڑوائیں، ہمیں کون سے تکلیف ہوتی ہے۔ انہیں الیکشن لڑوائیں۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کے جو ارکان ہوں گے وہی decision کریں گے، ہم کون ہوتے ہیں۔ بجائے اس کے کہ اس Upper House میں آپ نے language دیکھی ہے جو کہ اچھی نہیں ہے۔ مجھے آپ سے بھی اور اعظم نذیر صاحب سے بھی توقع ہے کہ ایسا ماحول نہ ہو کیونکہ یہ یہاں نئے آئے ہیں، ان کو شاید یہ سمجھایا گیا ہے کہ یہاں آئیں گے، گالیاں نکالیں گے، گالیاں ہر کوئی دے سکتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں ناں آپ چنگاریوں کی طرف جا رہے ہیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: ابھی نہیں جا رہا ہوں۔ ابھی میں بلوچستان کی طرف آ رہا ہوں۔ ارشد ندیم صاحب کا issue تھا۔ انہیں مبارک باد دینی چاہیے، resolution آ رہی ہے۔ میں آپ سے ایک التجا کرتا ہوں کہ بلوچستان کا مسئلہ حل نہیں ہو رہا ہے۔ نسیمہ بہن نے بھی کہا، یہاں ہمارے کافی دوست جذباتی ہو کر تو کہتے ہیں، میں آپ کو تجویز دیتا ہوں کہ پہلے تو بلوچستان کے لیے 200 بلین ڈالر پیسے رکھیں، پورے پاکستان کا بجٹ بند کر دیں تاکہ بلوچستان کی محرومی ختم ہو، وہ ختم نہیں ہو رہی ہے۔ 200 بلین ڈالر رکھیں، پورے پاکستان کو بند کریں، بلوچستان خوش ہو جائے۔ ہم یہاں دیکھتے

ہیں، سندھ بھی وہی ہے، خیبر پختونخوا بھی وہی ہے، حکومتیں سب کو ملتی ہیں، کسی پر کوئی احسان نہیں ہوتا لیکن اگر آپ 200 بلین ڈالر بھی دیں گے تو ہمیں ان سے گارنٹی چاہیے کہ پھر کوئی مولوی آ کر کسی کبڑے کو بجٹ پر نہیں بٹھائے گا کہ وہ زاہد کبڑا سارا بجٹ کھا جائے۔ جیسا کہ میری بہن نے کہا کہ ایک سیکرٹری کے گھر سے جب 90-80 کروڑ روپے نکلتے ہیں تو یہ بھی کوئی اچھی بات نہیں ہے۔ ایسے اربوں روپے نکلتے ہیں جس کا کوئی ذکر نہیں ہوتا ہے، محرومی ختم نہیں ہوتی ہے۔ یہاں پر کچھ سال پہلے ایک Chief Minister آیا تھا اور ظفر کبڑے کو بٹھا دیا اور پورے بلوچستان کا ستیاناس کر دیا، بے شک انہیں 200 بلین ڈالر دے دیں لیکن ان سے کم از کم یہ لکھوائیں کہ آپ اس میں کرپشن نہیں کریں گے، آپ یہ پیسا بلوچستان کی محرومی ختم کرنے پر لگائیں گے نہ کہ آپ اپنی ذاتی محرومی ختم کریں گے۔

آج سب دوستوں نے ایک resolution pass کی ہے جس پر آپ کے بھی دستخط تھے، بہت خوشی کی بات ہے، ارشد ندیم کو سب نے own کیا۔ میری ایک چھوٹی سی تجویز ہے کیونکہ بلوچستان کا مسئلہ حل نہیں ہو رہا ہے۔ ارشد ندیم صاحب کو امن کا سفیر بنا کر بلوچستان بھیجنا چاہیے، یہاں سے پہلے وہ رحیم یار خان جائے، اس کے ساتھ ایک delegation بنائیں جس میں Deputy Prime Minister ہوں، Interior Minister صاحب بھی ان کے ساتھ ہوں، دو سے تین SHO ان کے ساتھ ہوں، زیادہ نہیں ہوں صرف دو ہوں ایک بلوچستان کے لیے اور ایک رحیم یار خان کے لیے ہو تو ان شاءاللہ تعالیٰ یہ مسئلہ بھی حل ہو جائے گا، یہ بلوچستان میں امن مارچ کریں، رحیم یار خان سے ہوتے ہوئے یہ آگے جا کر بلوچستان کی حدود میں آ جائیں گے۔

جناب میری تو یہ التجا ہے کہ یہ ہمارا ہیرو ہے، اس نے بڑی محنت کی ہے، غریب خاندان سے اس کا تعلق ہے، اس نے ایسا throw پھینکا کہ پوری دنیا نے اسے سراہا۔ کل کو اس کے ساتھ بھی ایسا نہ ہو جیسا کہ ہماری کرکٹ ٹیم کو پہاڑ پر بھیجا گیا اسے بھی near future میں پہاڑوں پر بھیجا جائے، اس سے وزنی پتھر اٹھوائے جائیں جیسا کہ ہمارے کرکٹرز نے اٹھائے، ان کے muscles pull ہو جائیں گے، پھر وہ throw نہیں پھینک سکے گا۔ پیسے زیادہ ہو گئے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب مجھے ایک منٹ اور دے دیں۔ پیسے زیادہ ہو گئے ہیں اگر زیادہ پیسے ہوں گے تو وہ دوبارہ کام بھی نہیں کرے گا اور کھیلے گا بھی نہیں۔ یہ پیسے حکومت پاکستان کے ہیں، جتنا حق بنتا ہے اتنے دینے چاہییں اگر پچاس پچاس کروڑ روپے دینے ہیں تو پھر جو غریب لوگ بھوکے مرتے ہیں تو انہوں نے کیا قصور کیا ہے، ہاں اگر ہمارے حکمرانوں کو اتنا ہی شوق ہے، ان سب کی بہت بڑی جائیدادیں ہیں، کوئی ایک mill or factory اس کے حوالے کر دیں، کوئی IPP اس کے حوالے کر دیں لیکن حکومت پاکستان کے پیسے، بہت ہو گئے ہیں۔ پورے صوبوں نے بہت کیا ہے، جناب مجھے صرف آدھا منٹ اور دے دیں۔ جیسے ابھی سارے مسائل حل ہو گئے ہیں ہم اصل میں دنیا میں بڑے تماش بین ہیں، ہم تماش بین قوم ہیں۔ ہم اپنے heroes کے ساتھ کیا کرتے ہیں ڈاکٹر قدیر خان کا قصہ آپ کو معلوم ہے جس نے atom bomb بنایا ہم نے اس کو جیل میں ڈال دیا۔ وہ pension کے لیے ترستا رہا اور فوت ہو گیا۔ ہمیں نہیں پتا کہ اس کی فیملی کا کیا حشر ہوا۔ ہمیں ہندوستان پر بہت غصہ آتا ہے اور آنا بھی چاہیے، جس نے وہاں atom bomb بنایا تھا انہوں نے اس کو وہاں کا صدر بنایا، انہوں نے اس کو عزت دی۔ ہم بہت بے حس قوم ہیں۔ ارشد ندیم پر اتنا کام کریں جتنا ہو چکا اس کو اب چھوڑیں تاکہ وہ اپنی game پر بھی دھیان دے۔ پاکستان کے پیسے بچیں، اس کو بہت سارے پیسے مل گئے ہیں۔ اور یقین کریں ایک چیز پر دکھ ہوا کل کسی صحافی دوست نے کہا کہ اب تو وہ کسی سے ہاتھ بھی نہیں ملاتا۔ کل تین چار viral videos ہوئی ہیں کہ صحافی پیچھے جا رہے ہیں اور وہ interview نہیں دے رہا تو میں آپ سے التجا کرتا ہوں کہ آپ اپنی حکومت کو سمجھائیں کہ بہت ہو گیا ہے۔ ہم نے اتنا جشن تو اپنے بچوں کی پیدائش پر نہیں منایا جتنا ہم نے ارشد ندیم کی ایک throw پر منایا ہے۔ میں بھی سوچ رہا ہوں کہ 1.5/2 years Senate میں رہ گئے ہیں لیکن عمر اب اجازت نہیں دیتی ورنہ میں بھی کوئی پتھر ہی پھینک دوں شاید کسی کو لگ جائے لیکن میں کوشش کروں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پتھروں والا مشغلہ اب چھوڑ دیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ نے مجھے وقت دیا آپ کے لیے بہت عزت ہے، آپ ان کو منع کیا کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں نے ان کو منع کیا ہے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: ان کا جو رویہ ہے ماحول کو خراب یہی کریں گے۔ ہم آپ کو اپنی طرف سے assuranceدیتے ہیں ہماری طرف سے ایسا نہیں ہو گا۔ اگر دوبارہ یہ کسی لیڈر کے ساتھ بات کریں گے تو پھر ذاتیات پر ہم آئیں گے نہیں لیکن آپ کو شکایت لازمی کریں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ تشریف رکھیں۔ بہت شکریہ۔ دوست محمد صاحب آپ سے میری خصوصی دوستی ہے آپ کو یہ پتا ہے نہ تو آپ نے مجھے یہاں آ کر دومنٹ کہا ہے۔

**Senator Dost Muhammad Khan**

سینیٹر دوست محمد خان: ان شاءاللہ۔ یہاں پر بلوچستان کی بات ہوئی، ان کی محرومیوں کے بارے میں بات ہوئی یہ بہت اچھی بات ہے۔ ان کی قربانیاں، ہمارے کراچی کے urdu speakingبھائیوں نے پاکستان کے لیے جو قربانیاں دی ہیں یا بلوچستان نے دی ہیں۔ ہمارے KPکے جوmerged districtsہیں ان لوگوں نے پاکستان کے لیے جو قربانیاں دی ہیں۔ میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں میرے نانا نے اس وقت نہرو کو رزمک میں تھپڑ مارا تھا۔ نہرو نے ان کو کہا تھا کہ، محسود اور وزیروں کا دربار ہو رہا تھا رزمک میں، تو اس نے کہا تھا کہ پاکستان بننے کے لیے "No" کردو میں آپ لوگوں کو اتنی بڑی بڑی جاگیریں دوں گا کہ آج تک کسی بھی پٹھان بادشاہ نے ہندوستان میں کسی کو نہیں دی ہوں گی جتنی میں آپ کو دوں گا۔ اس بات پر میرے نانا نے اس کو ایک تھپڑ مارا اور انہوں نے کہا کہ ہندو کا بچہ تم ہمیں مسلمانوں کے خلاف بہکا رہے ہو، یہ ہماری قربانیاں ہیں اور ان قربانیوں کے نتیجے میں ہمیں ابھی جو تکلیف مل رہی ہے میں وہ بیان نہیں کر سکتا۔ میں خدا کی قسم کھاتا ہوں کہ ہمارے گاؤں کے لوگ، میں جب گاؤں جاتا ہوں تو میں چاقو بھی نہیں لے کر جا سکتا۔ Securityوالے چاقو کی بھی تلاشی لیتے ہیں کہ پتا نہیں یہ دہشت گرد ہے کہ کون ہے باوجود اس کے کہ میں اس معزز ایوان کا رکن ہوں۔

دوسری بات میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری حکومت، پھر آپ کہیں گے کہ مرچیں نہ پھینکیں لیکن میں مجبور ہوں۔ Prime Minister, Deputy Prime Minister, Interior Minister, Chief Ministerجو وہاں بیٹھا ہوا ہے one seaterان سب نے اعلان کیا کہ ہم بندوق والوں کے ساتھ مذاکرات نہیں کریں گے تو میں اس حکومت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ کیا مجھ سے مذاکرات کریں گے۔ ہم تو پر امن لوگ ہیں پاکستان کو ماننے

والے ہیں۔ آپ کو دہشت گردوں سے ملاقات کرنی ہو گی۔ آپ PML (N) کے icon ہیں آپ مہربانی کرکے ان کے notice میں لائیں کہ جب تک دہشت گردوں کے ساتھ آپ نہیں بیٹھیں گے، معاملے کو sort out نہیں کریں گے، بلوچستان یا سندھ یا خیبر پختونخواہ کے مسئلے اس طرح ہی رہیں گے۔

ہمارے بادشاہ سلامت Prime Minister Shehbaz Sharif نے کہا کہ میں نے 8ارب روپے release کر دیے ہیں۔ خدا کے واسطے وہ خرد برد کی نظر ہو جائیں گے۔ اس 8ارب روپے کی جگہ دانش سکول دے دیں جو پنجاب میں دے رہے ہیں، کشمیر میں دے رہے ہیں۔ اس کی جگہ کوئی Technical education Institution بنا دیں اور لوگوں کو روزگار provide کر دیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں بہت احترام کے ساتھ آپ کے ساتھ میرا بہت اچھا تعلق ہے۔ بات یہ ہے کہ ہماری کوئی آواز نہیں سنتا ہمارے گھر ویران ہیں، تباہ ہیں، برباد ہیں۔ World Bank نے 2015 میں ان کو dollars میں پیسے دیے ہیں ہمیں آدھے پیسے دیے ہیں اور ہمارے survey کے آدھے پیسے ابھی رہتے ہیں اور ابھی تک حکومت یہ ہی کہہ رہی ہے کہ کل کریں گے، پرسوں کریں گے۔ یہ کہتے کہتے 8 years ہو گئے ہیں کہ کسی نے ایک پیسہ بھی نہیں دیا۔

ہمارے ہاں land mines ہیں، بچے ہمارے اڑ جاتے ہیں جاتے ہیں۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ خدا کے واسطے ہماری land mines کی صفائی تو کر لیں اگر نہیں کر سکتے تو local جوانوں کو contract پر دو تین سالوں کے لیے بھرتی کریں اور ان کی duty لگا دیں کہ آپ لوگ land mines کو صاف کر دیں۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: محمد صاحب بہت شکریہ۔ بھٹو صاحب آپ نے اس موضوع پر اس سے پہلے گفتگو نہیں کی، اچھا بولیے۔ پانچ منٹ بول لیں۔

**Senator Nadeem Ahmed Bhutto**

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: پانچ منٹ نہیں میں دو منٹ میں wind up کر دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت اچھی بات ہے۔

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ میں سب سے پہلے تو بلوچستان میں آج تک جتنی بھی دہشت گردی ہوئی ہے میں ان تمام واقعات کی مذمت کرتا ہوں۔ میں اپنی بات کوئٹہ کے

ایک واقعہ سے شروع کرنا چاہوں گا، کوئٹہ شہر میں ایک Science College ہے جو 1946 میں قائم کیا گیا تھا۔ کل اس کو جلا دیا گیا ہے تو میں اس ایوان کی توجہ اس جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ حالات اس نہج پر پہنچ گئے ہیں کہ کوئٹہ شہر میں 1946 میں قائم کردہ college کو جلایا گیا ہے۔ میں پچھلی دو دہائیوں سے چاہے کسی بھی سیاسی جماعت کی حکومت رہی ہو میں صرف ایک بات یہاں note کرانا چاہتا ہوں کہ کسی بھی سیاسی جماعت کی حکومت ہو جب بھی اس ملک میں سیاسی استحکام لانے کی کوشش کی گئی ہے، جب بھی ملک میں معاشی استحکام لانے کی کوشش کی گئی ہے ملک کے حالات خراب ہوئے ہیں یا خیبر پختونخوا کے بارڈرز پر حالات خراب ہوئے ہیں یا بلوچستان کے اندرون شہر یا borders پر حالات خراب ہوئے ہیں تو ہمیں یہ دیکھنا پڑے گا، سوچنا پڑے گا کہ آخر یہ کون لوگ ہیں جو پاکستان کو معیشت کی پٹڑی پر چڑھنے نہیں دینا چاہتے۔ یہ کون لوگ ہیں جو سیاسی استحکام نہیں چاہتے۔ اس کے ساتھ ساتھ میں بلوچستان کے حالات کو ٹھیک کرنے کے لیے یہاں صرف اپنی دو تجاویز دوں گا۔ میں اختصار سے بات اسی لیے کرنا چاہ رہا ہوں کہ میں repetition نہیں کرنا چاہ رہا۔ آج تیسرا Session ہے سب senior Parliamentarians, Senators نے یہاں بات کی ہے میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ وفاق میں بلوچستان کا نوکریوں کا جو quota ہے وہ 5% ہے۔ میں حکومت سے یہ گزارش کرتا ہوں وہ quota 5% جو بے روزگار بلوچ نوجوان ہیں۔ میری بہن سینیٹر نے یہاں پر بتایا کہ جو پہاڑوں پر لوگ بیٹھے ہوئے ہیں وہ intellectuals ہیں۔ پڑھے لکھے ہیں لوگ ہیں یہ اور زیادہ خطرناک بات ہے کہ اگر کوئی جاہل احتجاج کرتا ہے یا بغاوت کا اعلان کرتا ہے بجائے اس کے کہ ایک پڑھے لکھے بچے نے ہتھیار اٹھائے ہوئے ہیں یہ زیادہ خطرناک بات ہے۔

بلوچستان کی محرومیوں اور بے روزگاری کو ختم کرنے کے لیے جو وفاق میں مختص quota ہے وہ بحال کیا جائے۔ آخری تجویز میں یہ دوں گا کہ بلوچستان کے جو resources ہیں، بلوچستان کے جو وسائل ہیں، بلوچستان سے جو gold and copper نکل رہا ہے mining ہو رہی ہے۔ بلوچستان کے resources کو بلوچستان پر خرچ کیا جائے، بلوچستان کے عوام پر خرچ کیا جائے۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس کے بعد جو آج بلوچستان کے حالات وہ ویسے رہیں گے۔ وہاں محرومیاں ہی یہی ہیں کہ بلوچستان کو ہمیشہ نظر انداز کیا گیا ہے۔ بلوچستان پر امن ہو گا تو پاکستان پر امن ہو گا،

بلوچستان میں خوشحالی آئے گی تو پاکستان میں خوشحالی آئے گی، بلوچستان میں استحکام ہو گا تو پاکستان ترقی کی جانب رواں دواں ہو گا۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ بلوچستان کے موضوع پر بڑی سیر حاصل بحث ہوئی ہے۔ فلک آپ نے اس پر۔۔ چلیں آپ بولیں۔ Just five minutes Falak Naz. پانچ منٹ only Balochistan اس کے دائرے سے نکلنا نہیں ہے۔

سینیٹر فلک ناز: میں چترال کے بارے میں بھی بات کروں گی۔ چترال کے بارے میں بھی مجھے بولنا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بات کریں۔

**Senator Falak Naz**

سینیٹر فلک ناز: (عربی) بہت شکریہ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا۔ بلوچستان میں جو واقعہ ہوا ہے میں اس کی شدید مذمت کرتی ہوں اور جس دن بلوچستان میں یہ واقع ہوا تھا پھر آپ کہتے ہیں کہ اس طرف نہ جائیں اور اس طرف نہ جائیں لیکن ہمیں بولنا پڑتا ہے۔ جس دن بلوچستان میں یہ واقع ہوا تھا اس دن Adiala jail میں حکام کی postings ہو رہی تھیں۔ حکومت کو چاہیے تھا کہ وہ بلوچستان پر سنجیدگی سے توجہ دیتے اور جس دن رحیم یار خان میں واقعہ ہوا، کچے کے علاقے میں جو ڈاکو کا واقعہ ہوا تو اس دن اڈیالہ جیل میں بشریٰ بیگم اور خان صاحب کی بہن علیمہ خان صاحبہ کے جو WhatsApp calls تھے ساری حکومتی مشینری اس پر لگی ہوئی تھی۔ جب تک حکومت سنجیدگی سے ان صوبوں پر غور نہ کرے اور ساری مشینری خان صاحب پر بھی لگائے۔ پھر تو یہی ہونا ہے۔ جناب چیئرمین! میں ایک مشورہ دوں گی کہ اگر آپ PTI کے سیکرٹریٹ کو بھی کچے کے علاقے میں بنا دیں تو کچے کے ڈاکو کا صفایا ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کہ جو بلوچستان میں ہو رہا ہے وہی سب کچھ پچھلے چالیس سال سے خیبر پختونخوا میں بھی ہو رہا ہے۔ ہم روز بتاتے رہتے ہیں کہ لوگ خیبر پختونخوا میں کفن خریدتے خریدتے تھک گئے تھے۔ جو خیبر پختونخوا میں ہوا ہے وہی بلوچستان میں ہو رہا ہے۔ مجھے معلوم نہیں کہ بلوچستان کو پنجاب کے ساتھ لڑوانے والے اور KP کو وفاق کے ساتھ لڑوانے والے کون ہیں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر ایمل ولی خان صاحب اس وقت موجود نہیں ہیں۔ وہ پہلے کہہ چکے ہیں کہ KP نہیں کہنا بلکہ خیبر پختونخوا کا پورا نام لینا ہے۔

سینیٹر فلک ناز: چلیں ٹھیک ہے۔ خیبر پختونخوا کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے۔ جناب چیئر مین! میں آپ کی توجہ چترال کی طرف دلاؤں گی کیونکہ چترال میرا علاقہ ہے۔ پچھلے 70 سالوں سے چترال پر کسی نے توجہ نہیں دی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ چترال انتہائی خوب صورت علاقہ ہے اور اس کے ساتھ ساتھ چترال کے لوگ انتہائی پرامن لوگ ہیں۔ جناب چیئر مین! آپ کو تو معلوم ہے کہ جب پورا پاکستان دہشت گردی کے زد میں تھا تو چترال کو peaceful district کا درجہ ملا تھا۔ جناب چیئر مین! پچھلے دو مہینوں سے Climate change and Glacier پھٹنے کی وجہ سے دو مرتبہ چترال میں سیلاب آیا تھا۔ اس کی وجہ سے اپر اور لوئر چترال بری طرح متاثر ہوئے تھے۔ اپر چترال میں دو گاؤں ایسے تھے جو صفحہ ہستی سے مٹ گئے ہیں۔ اس کے بعد چترال میں ایک ایسا خوب صورت گاؤں ہے جس کا نام ریشن ہے۔ دریا کی کٹائی کی وجہ سے وہ گاؤں بھی صفحہ ہستی سے مٹ گیا ہے۔ میری درخواست ہے وفاقی حکومت سے کہ اس نے ابھی تک چترال کے لیے تسلی کے کوئی بول تک نہیں بولے ہیں۔ صوبائی حکومت چترال کے لیے جو اقدامات کر رہی ہے وہ ناکافی ہیں۔ NDMA کس لیے بنی ہے۔ کیا وہ صرف اسلام آباد کے لیے ہے۔ اسلام آباد میں میرے خیال میں ابھی تک تو کوئی سیلاب نہیں آیا ہے۔ چترال میں ابھی تک سیلاب کی وجہ سے جو مالی اور جانی نقصان ہوا ہے اس میں فصلیں، باغات اور گھروں کی چاردیواریاں سب تباہ ہو گئے ہیں۔

چترال میں سیلاب کی وجہ سے جو گریڈ اسٹیشن ہے وہ بھی تباہ ہو گیا ہے۔ جناب چیئر مین! آپ کو تو پتا ہے کہ چترال میں 132 میگا واٹس بجلی پیدا ہوتی ہے۔ لواری ٹنل میں جو تین ٹاور ہیں وہ خراب ہونے کی وجہ سے 20 میگاواٹس بجلی ضائع ہو رہی ہے۔ جس کی وجہ سے 18 گھنٹے اپر چترال میں اور 8 گھنٹے لوئر چترال میں لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے۔ چترال میں انٹرنیٹ کا نظام بھی درہم برہم ہے۔ جناب چیئر مین! آپ کو تو معلوم ہے کہ میرا تعلق بھی چترال کے دونوں ضلعوں سے ہے۔ چترال کے عوام تو آئے روز یہی کہتے ہیں کہ آپ ایوان بالا میں ہمارے لیے کوئی آواز نہیں اٹھاتی ہیں۔ میں تو ایوان بالا میں ان کے مسائل اٹھاتے اٹھاتے تھک گئی ہوں۔ وفاقی منسٹرز اس ایوان میں تشریف لاتے نہیں ہیں اور جو آتے ہیں وہ ایک کان سے سنتے ہیں اور دوسری کان سے نکال دیتے ہیں۔ پچھلی

مرتبہ میں نے پاور کے منسٹر کو یہاں بلا کر کہا تھا کہ ہمارے جو تین ٹاور خراب پڑے ہیں ان کو ٹھیک کریں اور جو انٹرنیٹ کا معاملہ ہے اس کے بارے میں ہم نے PTAکے چیئرمین سے بھی بات کی ہے اس نے بھی کوئی توجہ نہیں دی کیونکہ چترال کے تینوں حلقوں سے PTIکے امیدوار جیتے ہیں۔ قومی اسمبلی کی ایک سیٹ اور صوبائی اسمبلی کی دو سیٹیں بھی PTIوالوں نے جیتی ہیں۔ جناب چیئرمین ! پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار خان صاحب نے چترال کو عزت دی ہے اور ان کی بیٹی کو ایوان بالا کا ٹکٹ دیا ہے۔ اس کی وجہ سے یہ جو importedحکومت ہے جس کو میں قبضہ مار حکومت کہوں گی۔ جناب چیئرمین ! یہ جو ڈاکا مار حکومت چترال کی طرف بالکل توجہ نہیں دیتی۔ اس حکومت کا کام صرف یہ ہے کہ انہوں نے ساری مشینری کو خان صاحب کے پیچھے لگایا ہوا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر :آپ تشریف رکھیں۔ آپ کی بات مکمل ہوئی ہے۔

سینیٹر فلک ناز: جناب چیئرمین ! ابھی تک میری بات مکمل نہیں ہوئی ہے۔ میں نے کبھی بات کی نہیں ہے۔ میں پہلی بار یہ بات کر رہی ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر :آپ جس دائرے میں آ گئی ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی بات مکمل ہو گئی ہے۔ آپ کے چترال کے جو مسائل ہیں۔

سینیٹر فلک ناز: چترال کے مسائل کی طرف تو میں آ رہی ہوں کہ چترال میں یہ مسائل کیوں پیدا ہوئے ہیں۔ میں وہ مسائل بتا رہی ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : میری گزارش سن لیں۔ چترال کے مسائل کے حوالے سے آپ ایوان میں ایک باضابطہ instrumentلے کر آئیں تاکہ سب لوگ اس پر بات کریں گے اور وہ آپ کا ساتھ دیں گے۔

سینیٹر فلک ناز: جناب چیئرمین ! وہ میں لا رہی ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر :آپ میری بات تو سن لیں۔ یہ سارے ممبران آپ کا ساتھ دیں گے۔ ہم متعلقہ منسٹر کو یہاں پر بلائیں گے اور آپ کے سامنے ان کو کھڑا کریں گے تاکہ وہ آپ کو ایک تسلی بخش جواب دے سکیں۔ اس لیے ہم نے یہ وقت بلوچستان کے لیے وقف کیا تھا۔ ہم اس سے deviateکر گئے ہیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آج ایجنڈے پر بلوچستان نہیں ہے۔ چترال پر بھی بات ہو سکتی ہے۔ آپ ان کو بات کرنے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، میں ان کی بات کو سن بھی چکا ہوں۔ وہ یہی بات مزید دہرائیں گی۔ وہ deviate کرکے پھر وہ political issues پر لے جاتی ہیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ پابندی نہیں لگا سکتے ہیں۔ دیکھیں! آپ ہمارے لیے بڑے ہیں۔ ہم آپ کو عزت دیتے ہیں۔ ہم آپ کے لیے ڈیسک بجاتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ میرے لیے ڈیسک ضرور بجائیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ یہ قدغن نہ لگائیں۔ ہم سب کو اخلاق کے اندر بات کرنے کی ضرورت ہے۔

سینیٹر فلک ناز: جناب چیئرمین! دیکھیں میں آج کی بات کر رہی ہوں۔ Public Interest پر بھی میں بات کرنا چاہتی ہوں۔ میں آج PIMS ہسپتال جارہی تھی۔ میرے بیٹے کی سرجری ہوئی تھی آج 11 بجے اس کی ٹانکے کھولنے کے لیے ہسپتال جارہی تھی۔ میں چار گھنٹوں میں PIMS ہسپتال پہنچ گئی۔ میں سرینا چوک سے جارہی تھی تو وہ کنٹینر سے بند تھا۔ میں ڈی چوک سے گئی تو وہ بھی بند تھا۔ میں میریٹ کے راستے سے گئی تو وہ بھی بند تھا۔ پھر میں مارگلہ روڈ سے ہسپتال پہنچ گئی ہوں۔ وہاں پر میں نے پولیس والوں سے پوچھا کہ یہ راستے کیوں بند ہیں تو انہوں نے مجھے بتایا کہ یوٹیلٹی سٹورز کے ملازمین برطرف کیے ہیں تو وہ بھی آرہے ہیں اور PWD کے ملازمین کو ختم کر رہے ہیں تو وہ بھی آئے ہوئے ہیں۔ Business community کے لوگ بھی آرہے ہیں۔ میں جب یہ بات کرتی ہوں تو آپ خفا ہوجاتے ہیں۔ چلو! میں کہوں گی کہ یہ فارم 47 کی حکومت ہے۔ میں اس سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں۔ جناب چیئرمین! دیکھیں میں آپ کو یہ بتانا چاہتی ہوں اور آپ کو پتا بھی ہے کہ میرا لیڈر عمران خان ہے۔ اس کو اس حکومت نے ناحق جیل میں ڈالا ہے۔ جناب چیئرمین! آپ کو تو معلوم ہے کہ میں نے صرف پاکستان کی تاریخ میں نہیں بلکہ پورے اسلام کی تاریخ میں یہ کبھی نہیں سنا تھا کہ عدت کیس میں کسی کو جیل میں ڈالا ہو۔ میں نے زنا کے بارے میں سنا تھا۔ میں نے نکاح کے بارے میں کبھی نہیں سنا تھا۔ توشہ خان کیس ہوگیا۔ نکاح کیس ہوگیا۔ القادر کیس بھی ہوگیا۔ سب کیسوں سے میرا لیڈر بری ہوگیا ہے۔ وہ ناحق جیل میں ہے۔ آپ کو تو

معلوم ہے کہ اس ملک کی معاشی اور سیاسی استحکام کے لیے عمران خان کو باہر نکالنا ضروری ہو گیا ہے۔ جب تک عمران خان ناحق جیل میں ہے تو پاکستان میں معاشی اور سیاسی استحکام کسی صورت میں بھی نہیں آ سکتا ہے۔ اس لیے اب بہت زیادہ ہو گیا ہے کہ یہ نااہل حکومت ڈرامہ بازیاں بند کریں۔ Enough is enough. اب لوگوں کو عمران خان کو باہر نکالنے کے لیے سڑکوں پر آنا پڑے گا۔ آپ لوگ یہ کنٹینرز لگا کر لوگوں کو روک نہیں سکتے۔ جس کا ٹریلر آپ لوگوں نے بنگلہ دیش میں دیکھ لیا ہے۔ پاکستانی عوام اب کسی صورت میں بھی خان کو ایک لمحے کے لیے بھی جیل میں مزید رکھنا نہیں چاہتے کیونکہ پاکستان کا استحکام اڈیالہ جیل میں چھپا ہوا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ لوگ جتنی بھی کوشش کریں۔ جناب چیئرمین! دیکھیں یہ حکومت کبھی قانون سازی کرتی ہے اور کبھی مہنگائی لاتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہم پچھلے دنوں سے اس ہاؤس میں بلوچستان کے مسائل کو discuss کر رہے تھے۔ ہاؤس کے دونوں طرف کے نمائندوں نے بڑی کامیابی، دردمندی اور دل سوزی کے ساتھ اس پر گفتگو کی ہے۔ بڑی اچھی، مثبت اور تعمیری تجاویز پیش کی ہیں۔ میں دونوں طرف کے ارکان کا بہت شکر گزار ہوں اور ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آج ہماری بلوچستان پر یہ جو بحث تھی windup ہم نے کر دی ہے۔

The House stands adjourned to meet again on Thursday, the 5th September, 2024 at 10:30 a.m. Thank you very much.

----------------

*[The House was then adjourned to meet again on Thursday, the 5th September, 2024 at 10:30 am]*

----------------